لسان الفقراء خزینة الله تعالیٰ

بر فضل حافظ حقیقی دیوان مبارک رضا بحر معانی لاہوت بحر ماجا امالی شاہ جہانی
عارف باللہ مستغرق الشہود الواصل الہادی حضرت صاحب قبلہ خواجہ
محمد حبیب اللہ چشتی رسولی نعمانی الجنیدی دام اللہ تعالیٰ برکاتہم

دیوان مبارک اوّل

از حسن سعی غلام علیشاہ صاحب قاضی سید شاہ عبدالوہاب صاحب سلمہما اللہ تعالیٰ
کہ خلفای پیر دستگیر دام برکاتہ اند در سنہ ۱۳۰ ہجری المقدسہ حیدرآباد

بمطبع سلطانی بزیور طبع مزین شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام
علی رسولہ سید الکونین رسول الثقلین محمد مصطفی
صلی اللہ تعالی علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم

حافظ ہی خداوند جہان دیر و حرم کا
ہی دونو جگہہ جلوہ عیاں ایک صنم کا

ہوتی نہ جلالی و جمالی جو تری شان
کھلتا نہ کبھی حال غضب کا نہ کرم کا

مومن جو عذابات جہنم سے ہے ایمن
صدقہ ہے دلا سرور دین شاہ امم کا

لکھدے میری تقدیر میں جو چاہے مٹا دے
مالک تجھے خالق نے کیا لوح و قلم کا

یکتائے دو عالم نے کیا ہے تجھے یکتا
مدحت لکھے تیری نہیں مقدور قلم کا

کیا خوف قیامت کے یہاں سایہ فگن ہے
حمال جو ہے احمد مرسل کے علم کا

امت پہ نبی کی وہ عنایت ہے خدا کی
ہوتا نہیں در بند کبھی فضل و کرم کا

ہے خانۂ دل آج دلا غیرت گلزار
گل طرفہ کھلا شاہ نجف تیرے قدم کا

میں قطرۂ ناچیز ہوں تو بحر لطافت
ہے ظل ہما سایہ تیرے پاک قدم کا

کس طرح ادا شکر کرامت ہو گدا سے
پایان نہیں اے شاہ تیرے لطف و کرم کا

ہوں گرد در یار کہ اکسیر ہوں پامال
مشتاق نہیں دل میرا گلزار ارم کا

مجھکو تیرے ابرو کا تصور ہے شب و روز
نقشہ میری آنکھوں میں ہے محراب حرم کا

بتخانہ میں کیا کعبہ میں کیا دل میں جگہ دیں
مسکن مجھے آتا ہے نظر اپنے صنم کا

دل صورت بلبل ہو گلشن میں پریشان | عالم نظر آیا جو تیری زلف کی خم کا

ہاتھ آئی ہی ایا نگی ہر اک شخص کو دولت | ممنون زمانہ ہی تیرے فیض اتم کا

حاصل جو ہوا خواب میں نظارہ حافظ | تارہ میری تقدیر کا مہتاب سا چمکا

آنکھوں میں لگاتا ہی حبیب جگر افگار

مشتاق نکیونکر ہو تیری خاک قدم کا

اما بعد فہذہ سلسلتی من مشائخی فی الطریقۃ الچشتیۃ رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین

جب سی عاشق ہو گیا ہوں خواجگان چشت کا | دوستو دل سی فدا ہوں خواجگان چشت کا

کسطرح چھپر ظلم مجھپر ظالم و ظلم کا ہو | کیونکہ میں بھی بندہ ہوں خواجگان چشت کا

دلمیں اب بس ہو گئی سوز و گداز عشق کی | نام جب سے میں سنا ہوں خواجگان چشت کا

ظاہر ہی نام نامی ہر نفس ورد زبان | پر میں باطن میں فدا ہوں خواجگان چشت کا

سایۂ ظلِ ہما کا نقشِ دل سے مٹ گیا
نقشِ پا میں سگ کیا ہوں خواجگانِ چشت کا

اولیا غوث و قطب پاتے ہیں اونکے در سے بھیک
میں بھی یک ادنیٰ گدا ہوں خواجگانِ چشت کا

ہی وہ دو حشمت پائے اور قاسم در کو جو جاہی دو
میں تو یک بیں ملا ہوں خواجگانِ چشت کا

مرتے مرتے بھی نہ چھوٹوں دامنِ دولت سے ہاتھ
وہ غلامِ باوفا ہوں خواجگانِ چشت کا

دل کا آئینہ مجلّٰی کیوں نہو بیعت کے ساتھ
ناظرِ منظور سا ہوں خواجگانِ چشت کا

مشکلِ عقدۂ غم ہو اے بلبلِ عشرت کا شور
نام شیریں پڑھ رہا ہوں خواجگانِ چشت کا

ای محبو کہیں سب مجھکو حبیب ذلہ خوار
میں سگِ درِ سنگیاں ہوں خواجگانِ چشت کا

الٰہی بحرمتِ سید الکونین رسول الثقلین
محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وعلیٰ آلہٖ وسلم

آئینۂ خدا نما صلّ علیٰ نبیّنا — جلوۂ حق ہو برملا صلّ علیٰ نبیّنا

جای سجودِ عاشقاں گنجِ رموزِ عارفاں — مظہرِ خاصِ کبریا صلّ علیٰ نبیّنا

متّصف الصّفات ہی پرتوِ اسمِ ذات ہی — عینِ تجلّیٔ خدا صلّ علیٰ نبیّنا

عرش سی لیکی تابفرش فرش سی لیکی تا بعرش — کرتی ہیں سب تیری ثنا صلّ علیٰ نبیّنا

سرورِ جملہ انبیا پشت پناہِ اولیا — خستہ دلونکی ہی دوا صلّ علیٰ نبیّنا

کوئی نہیں ہی دادرس کوئی نہیں شفیع بس — عاصیونکا تیری سوا صلّ علیٰ نبیّنا

گھر ہی تیرا خدا کا گھر در ہی تیرا خدا کا در — دستِ تو دستِ کبریا صلّ علیٰ نبیّنا

شافعِ مذنبین ہی رحمتِ عالمین ہی — ذاتِ رسولِ کبریا صلّ علیٰ نبیّنا

ہو وے بحقِ مصطفےٰ حشر کو روز یا خدا

وردِ ہی حبیب کا صلّ علیٰ نبیّنا

چشمِ ترحّم سی یا فاطمہ خیر النّسا — دیکھیے مجھکو ذرا فاطمہ خیر النّسا

آپکے در کا گدا فاطمہ خیر النسا
مانگے وہ کس در پہ جا فاطمہ خیر النسا

بنت رسول خدا زوجۂ مشکل کشا
دافع رنج و بلا فاطمہ خیر النسا

صاحبۂ ثقلین کی والدۂ حسنین کی
مالکۂ دوسرا فاطمہ خیر النسا

آسیہ ہاجرہ مریم و بلقیس سے
رتبہ تمھارا سوا فاطمہ خیر النسا

آپکے روضہ مین جاکے مجاور رہون
ہے یہ مرا مدعا فاطمہ خیر النسا

از پے شیر خدا و از پے حسنین مین
جاؤن نجف کربلا فاطمہ خیر النسا

مخزن جود و سخا معدن علم و حیا
خسرو شاہ و گدا فاطمہ خیر النسا

اندنون بیمار رہون ضعف سی ناچار ہون
کیجیے میری دوا فاطمہ خیر النسا

بخشدی امت کو اب کون خدا سی کہے
حشر مین تیرے سوا فاطمہ خیر النسا

گرچہ بہت ہون گدا پر نہین تیرے سوا
کوئی یہان نہیں میرا فاطمہ خیر النسا

عارفہ و عابدہ فاضلہ کاملہ
تجھسا نہ پیدا ہوا فاطمہ خیر النسا

اہل عراق و حجاز کو تیرا عشاق ہو
ورد ہو صبح و مسا فاطمہ خیر النسا

پنجتن پاک کا صاحب لولاک کا
دیجیے تصدق ذرا فاطمہ خیر النسا

صدق خدیجہ کا ہو مجھکو تصدق عطا
تاکہ ہو صدق و صفا فاطمہ خیر النسا

بی بی رقیہ کی اور زینب و کلثوم کی
واسطے مجھکو بچا فاطمہ خیر النسا

دور ہوں رنج و محن بہر حسین و حسن
صدقے زین العبا فاطمہ خیر النسا

از پے باقر عیاں ہووے نکات نہاں
مظہر راز خفا فاطمہ خیر النسا

حرمت تصدیق سے جعفر صادق کے اب
درد و الم سے بچا فاطمہ خیر النسا

موسےٰ کاظم امام واسطے انکے مدام
منظر دل ہو صفا فاطمہ خیر النسا

عفو ہو میری خطا جام رضا ہو عطا
بہر امام رضا فاطمہ خیر النسا

زود تقی کے لئے جلد نقی کے لئے
ہو میری حاجت روا فاطمہ خیر النسا

اور حسن عسکری مہدی ہادی کا بھی
مجھپہ کرم ہو سدا فاطمہ خیر النسا

خیر سے ہو خاتمہ بہر بنی فاطمہ | مجھکو ہو عشق خدا فاطمہ خیر النسا

عاجز و مسکین حبیب بیکسے درکا غریب
جائے کہاں سیدا فاطمہ خیر النسا

الٰہی بحرمتِ مدینۃ العلوم والمطالب
امام المشارق والمغارب امیر المومنین علی ابن ابی طالب
کرم اللہ تعالیٰ وجہہ

بادشاہ انس و جاں ہو یا علی یا ایلیا | مالک کون و مکاں ہو یا علی یا ایلیا

شاہ مردان مرتضیٰ مشکلکشا شیر خدا | حامی درماندگاں ہو یا علی یا ایلیا

لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار | مصطفےٰ کے رازداں ہو یا علی یا ایلیا

شمع ایوان ہدایت آفتاب انّما | رہنمائے گمرہاں ہو یا علی یا ایلیا

ذات اقدس کا نہیں انسان و جن میں لطف جسم | فیضبخش قدسیاں ہو یا علی یا ایلیا

معدنِ لطائفِ مطلق مطلعِ انوارِ حق
مخزنِ دارالاماں ہو یا علی یا ایلیا

پائی ہے خرقہ کوئی کوئی کلاہِ خسروی
تاج بخشِ صوفیاں ہو یا علی یا ایلیا

حاملِ بارِ امامت والیِ ملکِ ولا
چارۂ بیچارگاں ہو یا علی یا ایلیا

جسمک جسمی تمھارے حق میں حضرت نے کہا
احمدِ مرسل کی جاں ہو یا علی یا ایلیا

آپکے در سے ہی فخری نظامی حافظے
مرشدِ کلِ چشتیاں ہو یا علی یا ایلیا

اولیا غوث و قطب سبھی ہیں اس در کے
رہنمای سالکاں ہو یا علی یا ایلیا

کچھ زباں سے عرض کرنیکی مجھے حاجت نہیں
واقفِ دردِ نہاں ہو یا علی یا ایلیا

ہر جگہ میری حفاظت کو رہا کرتے ہو ساتھ
آپ میرے حرزِ جاں ہو یا علی یا ایلیا

اس حبیبِ خستہ کی لیوینگے محشر میں خبر
شافعِ کلِ عاصیاں ہو یا علی یا ایلیا

الٰهی بحرمت سیّد شباب اهل الجنة عزیق

بحر عشق و بلا مولانا امام ابی عبد اللہ الحسین شہید کربلا رضی اللہ تعالیٰ عنہ

٢٦ ٦

غمِ سرور ہی آج واویلا
روزِ محشر ہی آج واویلا

قتلِ اکبر ہی آج واویلا
شاہ مضطر ہی آج واویلا

دل نبی و علی و زہرا کا
سخت مضطر ہے آج واویلا

غمِ اصغر نہین ہی اصغر کا
غمِ اکبر ہی آج واویلا

دیکھکر لاشۂ علی اصغر
روتی مادر ہے آج واویلا

درد مین مبتلا پریشان حال
آلِ اطہر ہی آج واویلا

بیبیان کسطرح مدینہ جائین
کون رہبر ہی آج واویلا

خاص عمامۂ رسول خدا
خون مین تر ہی آج واویلا

کیا کہون حالِ حضرتِ زینب
بے برادر ہی آج واویلا

دشتِ غربت مین دیکھو بی بی چادر — بنتِ حیدر رسے ہے آج واویلا

ظالمونکا طرف ہی حضرت کے — سینہ تجھ پر ہے آج واویلا

خاک و خون مین شہید بیسر پا — علی اکبر سے ہے آج واویلا

تشنہ جان داده دشتِ کربل مین — ابنِ حیدر رہی آج واویلا

جو کہ رہتا تھا دوشِ احمد پر — تہِ خنجر ہی آج واویلا

جائے حیرت کہ بوسہ گاہ نبی — خون سے تر ہی آج واویلا

سرورِ اولیا کا نیزے پر — سرِ اطہر ہے آج واویلا

خشک لب تشنہ تر دہن بکسیر — شاہِ کوثر ہے آج واویلا

خونکی بارش زمین پر بارہا ہے — آسمان پر ہے آج واویلا

ماتمِ شہ مین شہر بانو ہائے — زار و مضطر ہی آج واویلا

ساتھ لے اپنے لشکرِ جنات — آیا زعفر ہی آج واویلا

جسکے حق مین ہے آیت تطہیر — خاک بستر ہے آج وادیلا

گرد آلودہ و برہنہ سر — خود پیمبر ہی آج وادیلا

فاطمہ پاس ہے نہ نانا جان — نہین حیدر ہی آج وادیلا

خاتمہ پنجتن کا ختم ہوا — کہتی مادر ہے آج وادیلا

آج بے گور و بی کفن ہی حسین — کیا یہ محشر ہے آج وادیلا

۷ — تن سے حضرت کے ای حبیب جدا — سر انور ہے آج وادیلا — ۲۲

آٹھی محرمت بہترین اھل مین واقف

اسرار قدر و قضا امام ضامن حضرت ابی الحسن

علی الرضا رضی اللہ تعالی عنہ

تمھاری در کا گدا یا علی امام رضا — کہاں وہ جای بھلا یا علی امام رضا

جہاں نہیں آپ سوا یا علی امام رضا | نہیں ہے کوئی میرا یا علی امام رضا

بچالو پنجتن پاک کے تصدق سے | ہے مجھپہ سخت بلا یا علی امام رضا

تمہارے نام سے گرتا ہوا سنبھلتا ہے | ضعیف کے ہو عصا یا علی امام رضا

جہان میں میرا مددگار ہے نہ حامی ہے | درِ جناب سوا یا علی امام رضا

ملاکروں تپ دوری میں جانب مشہد کی | ہے دردِ دل کی دوا یا علی امام رضا

مجھے تو درد و الم رنج و غم نے گھیرا ہے | کرم کرو بخدا یا علی امام رضا

خبر لو جلد میری مجھپہ سخت مشکل ہے | ہو سب کے عقدہ کشا یا علی امام رضا

ہماری دل کی مرادیں تمام حاصل ہوں | طفیل آلِ عبا یا علی امام رضا

گنہگاروں کو بھر خدا بچا لیجے | خدا سے ملکے ذرا یا علی امام رضا

کھلینگے ناخنِ امید سے گرہ دلکے | ادھر بھی چشم ہو وا یا علی امام رضا

ہمارے ہاتھ پہ جن عاصیوں نے توبہ کیا | وہ سب کو لیجیے بچا یا علی امام رضا

ہمارا سلسلہ جاری ہے تا قیامت تک — بحق شیر خدا یا علی امام رضا

کبھی تو خواب میں تشریف لا کے بندے کی — جمال پاک دکھا یا علی امام رضا

نجات پائی سفینہ اوسیکا طوفاں سے — ادب سے جسنے کہا یا علی امام رضا

ق

گناہگار یہ سب آکے تمکو گھیرینگے — برای عفو خطا یا علی امام رضا

کرینگے عرض کہ امت نبی کی حاضر ہے — خدا کے سامنے جا یا علی امام رضا

غریب و عاجز و مسکین و خوار و زار و حقیر — برا ہوں یا ہوں بھلا یا علی امام رضا

حساب ملت اولاد سے نواسا ہوں — اب اور در نہ پھرا یا علی امام رضا

ابھی نزع میں اور گور میں قیامت تک — کہوں زبان سے سدا یا علی امام رضا

خود آپ آتے ہیں اوسکی مدد کو مشہد سے — کہ جسنے دلسے پڑھا یا علی امام رضا

۸

حبیب خستہ کو تم اپنے بخشوا دینگے
خدا سے روز جزا یا علی امام رضا

۱۴

مین تیری درگہ کا گدا ہون یا علی موسیٰ رضا نام پر تیری فدا ہون یا علی موسی رضا

طالب راہ خدا ہون یا علی موسی رضا نام لیوا آپکا ہون یا علی موسی رضا

اب تجھین لازم ہی کرنا حال پر میری کرم سخت مشکل مین پھنسا ہون یا علی موسی رضا

دستگیری کیجیی جلدی خدا کیواسطے سر بسر بیدست و پا ہون یا علی موسی رضا

گھر ہی بیت الامن دروازہ تیرا دار الشفا خاک کہتی ہی دوا ہون یا علی موسی رضا

خاک مالامال ہی اشک تہیدست سی تیری مین سحاب کیمیا ہون یا علی موسی رضا

خیر کچھ ملجای تیری در سی یا ابن علی مین بھکاری مانگتا ہون یا علی موسی رضا

عاجزی غربت غریبی بیکسی کی حال مین نام تیرا لی رہا ہون یا علی موسی رضا

اندنون اسکو کچھ سوجھتا مجکو نہین دمبدم مین کھو رہا ہون یا علی موسی رضا

دوست سب دشمن بنی ہو ہین پرائی ہوگئی اسیکو دیکھتا ہون یا علی موسی رضا

بی سنبھالی آپکی مین اب سنبھلسکتا نہین اندنون بیدست و پا ہون یا علی موسی رضا

المدد یا مظہر فیاض عالم المدد
تھام لو مجھکو حسین ابن علی کے واسطے

رنج و غم میں مبتلا ہوں یا علی موسیٰ رضا
ضعف سے ہی گر رہا ہوں یا علی موسیٰ رضا

۹

میں تو ہوں عاجز حبیب اور آپ ہیں میرے طبیب
تندرستی چاہتا ہوں یا علی موسیٰ رضا

۵

ہر طرف خاص نور ہے میرا
دمبدم ہوتی ہے تجلیِ حق
وہ ہی الآن ہے کما کان
بیخودی خودی عینِ دانش ہے

نورِ عینِ ظہور ہے میرا
قصرِ دل کوہ طور ہے میرا
یہ ہی عینِ شعور ہے میرا
خوابِ غفلت حضور ہے میرا

۱۰

دمبدم پاس ہے وہ اپنی حبیب
کب صنم مجھ سے دور ہے میرا

۵

لے چلے توشہ ہم اپنی راہ کا
نزع میں ہے دھیان درگاہ کا

جانکنی مین قبر مین یا در حشر مین
ہو خدا سایہ رسول اللہ کا

رحم بر من یا شفیع المذنبین
مدعا پورا ہو حاجت خواہ کا

حافظ ہر دو جہان سالار دین
ہے بھروسا آپکی درگاہ کا

آرزوے وصل ہے از بس حبیب
یا الٰہی ہو وصال اوس ماہ کا

آیا ہے خیال اوسکے در کا
رستہ لے خرد تو اپنے گھر کا

جسکو کہ دکھائین تمنے زلفین
آشفتہ پھرا کدہر کدہر کا

آیا جو وہ مہر شب لب بام
سب کو دہوکا ہوا قمر کا

ق

اودہر مہر لقا سے کہیو قاصد
لایا ہون یہ خط اوسی بشر کا

جسنے کہ وصال کی ہوس مین
رکھا نہ خیال اپنے سر کا

جو نوش کرے شراب وحدت
کب خوف کرے وہ شور و شر کا

کیا فائدہ تجھ سے ای شب وصل
دل مین تو خیال ہے سحر کا

شب مرغ سحر نے سر کی آواز
یہان آنکھ کھلی وہان وہ سر کا

۱۲

عالم ہے فدائے حافظ دین
بیچارہ حبیب ہے کدھر کا

۹

الٰہی بحرمت شیخ المشایخ خواجہ امین الدین
ابی ہبیرۃ البصری رضی اللہ تعالی عنہ

دلا عاشق ہوا ہون مین امین الدین بصری کا
سگ در بن گیا ہون مین امین الدین بصری کا

ہماری جان قربان ہے محبت اونکی ایمان ہے
کہ سو جان سے فدا ہون مین امین الدین بصری کا

مین عاشق نامبر اونکی مین قربان کا مراد ہے
کہ دلسی مبتلا ہون مین امین الدین بصری کا

نہ مطلب سلطنت سے ہے نہ خواہش بادشاہی کی
کہ ادنی ایک گدا ہون مین امین الدین بصری کا

میرے کشکول مین ہے نعمت الوان بھری ابدال
فقیر بانوا ہون مین امین الدین بصری کا

کسیکو میری کیا پروا کسی کی مجھکو کیا پروا
برا ہون یا بھلا ہون مین امین الدین بصری کا

ہم اوسکی شمع کو ایک عالم دل سے پروانہ
کہ پروانہ ہوا ہون مین امین الدین بصری کا

فدا ہون نام پر خواجہ سدید الدین حذیفہ کے
تو دیوانہ بنا ہون مین امین الدین بصری کا

حبیبا خوف محشر خلوت دل مین نہین مطلق
نہ بان عاشق ہوا ہون مین امین الدین بصری کا

دل مبتلا ہی طرہ پیچان یار کا
سنبل ہو سایبان میری لوح مزار کا

کیا ہم بیان کرین غم ہجران یار کا
تا گفتنی ہی حال دل بیقرار کا

ہم ہین وہ بادہ نوش کہ یکجرعہ جو پیے
لیوے نہ نام صبر و سکینت قرار کا

رکھتے ہین آرزو چمنستان دہر مین
یاردگر نصیب ہو موسم بہار کا

یارب نہ بھول جائین کبھی اوسکی رسم ہم
کھٹکا ہی اوسے بھی کسی بیقرار کا

پاتے ہین فیض سب در دولت سے یار کے
عالم ہی سایہ دار تیرے پردہ دار کا

١٤ — ٦

حامی ہیں جسکے حافظ دارین ای حبیب
کیا اوسکو خوف گردش لیل و نہار کا

شب جو وہ ماہ لقا بر سر ایوان نکلا
سب نے دھوکے سے کہا مہر درخشان نکلا

روتے روتے جو لگی آنکھ سو وہ آن ملا
کاوش ہجر صنم میں میرا ارمان نکلا

دل ہے بیتاب ابھی تک شب غم کی تب سے
دم جب ایک کا جو نکلا تو پریشان نکلا

جن و انسان و ملک سبکو مسخر پایا
جس گھڑی منھ سے میرے نام سلیمان نکلا

ہو سکے انجان جنازے پہ کہا جانان نے
کفن اس کشتہ کا شاید میرا دامان نکلا

قبر سے تا بقیامت ہے کفایت ہی حبیب
مرتے دم منھ سے جو یا حافظ دوران نکلا

الٰہی بحرمت شیخ المشائخ رحمۃ للعالمین
محبوب الٰہی سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الحق والدین

محمد ابن سید احمد بدایونی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۹)
یا حضرتِ خواجہ نظام الدین محبوبِ الٰہی شاہنشا
(۱۵)
ہون بحرِ خودی کے طوفان مین کشتی کو میری اب پار لگا

ہمدم ہی نہین غمخوار نہین اسوقت مین کوئی یار نہین
اب تیرے سوا اب تیرے سوا محبوبِ خدا محبوبِ خدا

گو ہون مین بُرا گو ہون مین بُرا کب ہون مین بھلا کب ہو مین بھلا
پر ہون مین تیرا پر ہون مین تیرا اسدر سے مین جاؤن کونسی جا

انعام بھی ہو اکرام بھی ہو ملنے کا کبھی پیغام بھی ہو
ساقی ہو سبو ہو جام بھی ہو تا دل کو ملے آرام ذرا

ہان در پہ تیرے مین آیا ہون ای بدرِ شرافت مہرِ شرف
اب جاے کہان اب جاے کہان اس در کے سوا اس در کے سوا

ہی نقل حضرت سے یہہ پیدا جب سے کہ ہوا پیدا یہ فلک

تمسا نہ کوئی پیدا ہی ہوا تمسا نہ کوئی ہوگا پیدا

روضہ پہ تیرے جو آتا ہے وہ دلکی مرادیں پاتا ہی

محبوب الہ محبوب الہ دیدار تو اپنا مجکو دکھا

صدقہ سے فرید الحق دین کے حاصل ہو مقاصد سب دلکے

۱۶ ۹ بیچارہ حبیب غمگین کے از بہر خدا

جو تجھے منظور ہو جا کر اسکی راہ کا
کر سفر اپنے وطن میں حج ہی بیت اللہ کا

سیر وحدت کر رہیں کثرت موہوم میں
عاشقان تجھکو کیسا عشق ہی اللہ کا

پہر نامنظور ہو دریای وحدت میں اگر
ہاتھ سے مت چھوڑ دامن مرشد آگاہ کا

محو کر دی تو خودی اپنی خدا کی ذات مین
تا کہ حاصل ہو تجھے رتبہ فنا فی اللہ کا

ذات وہ ہرگز نہین اسکی مغایر بھی نہین
یہہ صفات اللہ دیکھو عکس ہی اوس ماہ کا

شش جہت مین جلوہ گر ہی کوئی خالی نہین
دیکھہ تو ہر ہر قدم پر نقش ہی اللہ کا

سب عنایات خدا و مرشد آن ہی سراسر
ہی بہت مشکل نکلنا دل سے حب جاہ کا

اوس جود خاص سی ظاہر ہو سارے وجود
نام لے ہر گز نہ تو اب راہ او گمراہ کا

۱۷ ۶

پہلے سب کی نفی کر پھر بھول اپنے کو حبیب
فائدہ اوس دم کریگا مشق الا اللہ کا

پیر بن مدعا نہین ملتا
خضر بن راستا نہین ملتا

جب تلک سیلے نہ سر پہ نامی
عاشقی کا مزا نہین ملتا

یہہ میرے رہنما کا ہی ارشاد
بے مرے کیے خدا نہین ملتا

وہ ہے موصوف ہر صفت مین مدام
ولے غفلت دلا نہین ملتا

بسکہ دوسرا مین وسکے سوا
اب کوئی دوسرا نہین ملتا

مین خود اپنے کو ڈھونڈتا ہون حبیب

مجھکو میرا پتا نہیں ملتا

ہزار شکر کہ مین ہون غلام توسہ کا
مجھے دے پیر مغان بھر کے جام توسہ کا

خدا کیواسطے اے قاصد صبا رفتا
ذرا خوشی سے سُنا دے پیام توسہ کا

ہزاروں طایر دل کیون نہ اسمین آن پھنسین
بچھا دیا ہے وہ صیاد دام توسہ کا

زبان پہ نام سلیمان ہو آنکھ مین تصویر
وظیفہ دلسے ہے صبح و شام توسہ کا

خدا نصیب کرے اقتدا ہمین اوسکی
جہان ہے خواجہ سلیمان امام توسہ کا

کروڑ زاہد خلوت نشین سے افضل ہے
ہزار پختہ سے بہتر ہے خام توسہ کا

ابھی تلک میرے سر مین خمار باقی ہے
پیا جو ساقی کے ہاتھوں سے جام توسہ کا

پتا ہمارا انہو چھو یہ سب پہ ظاہر ہے
حبیب بندۂ حافظ غلام توسہ کا

کون مجھے آج جگا کر گیا
حسن خداداد دکھا کر گیا

نقش قدم ہو گئے وہان سیکڑون
چلتے ہی چلتے جو ادا کر گیا

دیکھو تو عالم کو بتِ نازنین
ایک کرشمے مین فدا کر گیا

کسکی تھی یہہ باڑ کہ قاتل نے آج
بیٹھے ہوئے آنکھہ لڑا کر گیا

چونکٹ مین بیدار ہوا خواب سے
سینے سے اوسنے جو لگا کر گیا

دور مین سر دلمین ہی اتبک سرور
جب سے مجھی حسن پلا کر گیا

طائرِ دل کو میری صیاد نے
دام مین الفت کے پھنسا کر گیا

ظلم و ستم ایسا نہ دیکھا کہین
آپ ہنسا ہمکو رلا کر گیا

کیون نہون فرہاد وہ شیرین ادا
شربتِ دیدار پلا کر گیا

۲۰ ذوق سے اب مست ہوا ہون حبیب
جام محبت جو پلا کر گیا ۱۰

عشق مین تیرے جو دیوانہ بنا
ہوا برباد نہ فرزانہ بنا

شمع رو آنکے محفل مین ذرا
اپنے اوپر مجھے پروانہ بنا

ہو سکے انجمن کہا جانا نہ پئے
کون بیٹھا ہے یہ مستانہ بنا

شورِ شیرین ہے یہ کس مست کا آج
دلِ زاہد مین کہی ہین نہ بنا

عشق مین اوس دُر دندان کے جو اشک
آنکھہ سے نکلا تو دُردانہ بنا

دیکھہ حالت میری کہتی ہے جہان
حالتِ عشق مین دیوانہ بنا

تب مسلمان کہونگا تجھکو
کعبۂ دل کو تو بتخانہ بنا

الفتِ بت مین جو جانباز ہوا
راہ مین عشق کے مردانہ بنا

خانمان خویش و برادر سب چھوڑ
کوچۂ یار مین آخانہ بنا

اپنے حافظ پہ حبیب نالان
واہ کیا خوب تو دیوانہ بنا

جلوۂ یار مین کیا کیا دیکھا
کہین وامق کہین عذرا دیکھا

پهن آیا تها جو مجنون کا لباس
اوسکو هم کسوت لیلی دیکها

هر تعین مین نیا اوسکا لباس
اوسکو هر رشته مین یکتا دیکها

سبهنے هر ذره مین دیکها خورشید
طرفه هر قطره مین دریا دیکها

۲۲

گنج مخفی مین نهان تها جو حبیب
دام ناسوت مین آگیا دیکها

۵

ای پری جلد بنا مجهکو دیوانه اپنا
تا که کوچه مین تیری هووے ٹهکانا اپنا

خانه آباد رہے ایکا ای حضرت عشق
کوے دلدار مین سبنے کیا خانه اپنا

شست باندهی هین ادهر سارے رقیبان جهان
کر دیا تیر ملامت کا نشانه اپنا

رزق رزاق نے هر دا کو ملا جنت مین
کونسی جاے نهین آب و دانه اپنا

۲۳

یار کے سمت کهڑی هو کر پڑهی هےنے نماز
ای حبیب آج هی مقبول دوگانه اپنا

۸

ہی ہر جا ے جلوہ محمد علی کا
نہین کوئی ہمتا محمد علی کا

گنہگار ہون کیا مجھے ڈر ہی پروا
ہی دلکو بھروسا محمد علی کا

میری لاش کو خیر آباد مین
ملے کچھہ تو سایا محمد علی کا

نکیون نفسا ہون پریشان مین یکسر
ہوا سر مین سودا محمد علی کا

تو دیدو ہو نمود وہ ہو جلوہ فرما
ہون عاشق خدایا محمد علی کا

جو ہی ہر نظر چشم مین نور مطلق
ہی فیضان سارا محمد علی کا

دیے نانا دادا نے خود نام اپنا
ہی عالم مین چرچا محمد علی کا

۲۴ — ۵

حبیب نوا ساز در پردہ ہردم
ہی شیدا و رسوا محمد علی کا

یار نی جب دکھایا ہمین خانہ اپنا
نملا کوئی جگھہ اور ٹھکانہ اپنا

جب کھلی اپنی تئین شان الہی کی
پھر تو آیا نہ نظر کوئی بیگانہ اپنا

شیخ منصور انا الحق کی صدا کرنے لگا
آپ خود ہو گیا کسدرجہ دیوانہ اپنا

جب کھلی قلب حقیقی کی حقیقت ہمکو
خود بخود ہمکو ملا صاحب خانہ اپنا

۲۵

اپنے حافظ کی تصدق سے جلیب نادان
مل گیا گوہر مقصود کا دانہ اپنا

۵

عشق لیلےٰ رواج ہے اپنا
مثل مجنون مزاج ہے اپنا

کیا کرین تخت و تاج شاہی کو
رمز الفقر تاج ہے اپنا

ہر طرف جسکو ڈھونڈتے تھے کل
یار پہلو مین آج ہے اپنا

شاہ اجمیر کے تصدق سے
ہند مین اب تو راج ہے اپنا

۲۶

حسن مین ہے جلیب لاثانی
درد بھی لا علاج ہے اپنا

۴

عشقبازی غرور ہے میرا
جان گدازی سرور ہے میرا

میرا پیغام کون پہنچائی — نامہ بر مجھ سے دور ہی میرا

ہر گدا حافظ دو عالم کا — بادشاہی حضور ہی میرا

ہی یہ اپنے حبیب کا جلوہ
یہ جو آنکھون مین نور ہی میرا

۲۷ — ۷

کیا کرون کس سی کہون حال دل زار اپنا — نہ ملا کوئی زمانہ مین خریدار اپنا

شکر کی جا ہے کہ ہون مورد الطاف خدا — دل ہوا دام محمد مین گرفتار اپنا

انبیا اور اولو العزم یہ کہتا ہی شرف — مرحبا صل علی احمد مختار اپنا

اپنی ہستی کی سوا کوئی نہین ہی حائل — ورنہ شہ رگ سی بھی نزدیک ہی دلدار اپنا

ہو گئے انجان تجھیو نسی یہ کہتا ہی وہ شوخ — دیکھیو کون کھڑا ہی پس دیوار اپنا

چشم بد دور وہ چتون ہی عجب ناز بھری — دل وحشی کو کیا دم مین گرفتار اپنا

نہ حبیب اپنا کوئی ہی نہ کوئی اپنا طبیب

۲۸ ہان مگر ایک ہی بس حافظ دیندار اپنا ۷

عشق مین دیوانہ پن پیدا ہوا
ضعف سے مرضِ کہن پیدا ہوا

جس زمین پر پاون اوس گل نے رکھا
اوسجگھہ تازہ چمن پیدا ہوا

چاہِ یوسف مین گرا ہی جو کوئی
اوس جگھہ تازہ ذقن پیدا ہوا

خلوتِ دل مین جو دیکھا غور کر
کچھہ عجایب انجمن پیدا ہوا

اپنی ہستی کے سوا کچھہ بھی نہ تھا
کس لئے پھر ما و من پیدا ہوا

عشقِ اہلبیت مین ایسے رہے
مرتے دم رنگِ حسن پیدا ہوا

۲۹ دہونڈتا جس گل کو پھرتا تھا حبیب
شکرِ حق وہ گلبدن پیدا ہوا ۸

یہ ہی اصلِ مطلب حبیب علی کا
ہو مطلوب حاصل مرادِ دلی کا

یہ کس کی محبت ذرہ کو بیضا بنایا
ہوا ہون غبار اب وہ مہ کی گلی کا

ہوں بیکل کلی دلکی کملا رہی ہی
ہو کل دلکو کیوں وقت ہی بیکلی کا

عجب کیا ہی ہو خاک پر بوترابی
یہ ذرہ ہی برباد مہر علی کا

غنیمت سمجھ لے حیات دو روزہ
یہہ موقع نہیں ہی دلا کاہلی کا

بلا کو بلا ہم سکو ہمنے نجانا
ہمیں ورد ہی جب سے نادعلی کا

تو دہو ہاتھ آب حیات بقا سے
ہو خضر بقا وقت ہی عاقلی کا

حبیب علی سے ہے غلام کمینہ
محمد علی کا محمد علی کا

کچھہ بلا کر مجھے وہ فرمایا
غیر حق پھر نظر نہیں آیا

میں تصدق ہوں تام پر اوسکے
جو عدم سے وجود میں لایا

میم کا منھہ پہ ڈالکر کے نقاب
خود بخود شاہد ازل آیا

شان حافظ میں خود عیاں ہو کر
وہ مجھے اپنی شکل بتلایا

خوبرو جملہ خوب ہیں لیکن
پر میرے دلکو کچھ وہ بت بھایا

(۳۱)
دیر و کعبہ مین ہی اگرچہ حبیب
جو اوسے پایا آپ مین پایا
(۵)

دل میرا کس پہ دیوانہ ہوگیا
تیر مژگان کا نشانہ ہوگیا

دل سے قسمت غیر سی کب ہی گلہ
جو کہ اپنا تھا بیگانہ ہوگیا

عشق نے یہانتک کیا رسوا مجھے
ہر طرف میرا فسانہ ہوگیا

فتنۂ خوابیدہ بس جاگا دلا
آنکھ لڑنے کا بہانہ ہوگیا

(۳۲)
اوس بت مہوش کا عاشق ہون حبیب
محتسب جسکا دیوانہ ہوگیا
(۶)

ایکبون کسکا تصور آگیا
جی میرا کو نین سے گھبرا گیا

ہی بلاشک عارف باللہ وہ
ذاتکو اپنے جو کوئی پاگیا

کوئی لیلیٰ ہے کوئی شیریں سخن
پر مجھے میرا پیارا بھا گیا

جو کوئی ثابت قدم ایسی نہیں
عشق کی رہ میں وہ ٹھوکر کھا گیا

دوسرا مجھکو نظر آتا نہیں
اپنی صورت جب سے وہ دکھلا گیا

٣٣

روبرو آنکھوں کے رہتا ہی حبیب
جلوہ اوسکا سب جہاں میں چھا گیا

٥

حضرت منصور نے سر جو کیا دار کا
دار سے رتبہ ملا نام ہوا دار کا

زاہد خلوت نشیں ہے یہ نازاں ہے تو
مجھپہ کرم ہو گیا احمد مختار کا

آنکھ میں ہے جسکا نور عین بصر اوسکا ہوں
دلمیں تصور بندھا ہے مجھکو میری یار کا

بیٹھے ذرا ادھر ہاں ہے نہیں کسی کے دن کا
رکھیے سنبھل کے قدم کوچہ ہے دلدار کا

٣٤

ہو گئی مشکل مری دم ہی میں آسان حبیب
نام جو میں نے لیا حیدر کرار کا

٥

دلا اوس یارِ بطحیٰ کی تمنا تقیید کعبہ مین
ظہور خاص ہے ہر جا ہا ہا ہا ا ہا ہا ہا

دکھنے مسند مین لو ربّ اور حبیب تو ہے مین
ہے اِنہی عشق کا چرچا ہا ہا ہا ہا ا ہا ہا ہا

دلا الفقر فخری ہے خاص ارشاد محمد کا
ہے رتبہ فقر کا بالا ہا ہا ہا ہا ا ہا ہا ہا

کرشمہ اور ادا ہے ناز مین اور حسن مین یکتا
کوئی ایسا نہین دیکھا ہا ہا ہا ہا ا ہا ہا ہا

کہوں تو کچھ نہیں سکتا لکھوں تو لکھ نہیں سکتا
عجب انداز ہے اوسکا ہا ہا ہا ہا ا ہا ہا ہا

ہوا ہے زلزلہ اور گر گیا ایوان کسریٰ کا
محمد جب ہوے پیدا ہا ہا ہا ہا ا ہا ہا ہا

۳۶

حبیب اپنے ہی جو کو کر کے سجدہ یون ملک بولے
یہ مظہر خاص ہے حق کا ہا ہا ہا ہا ا ہا ہا ہا

۸

دلکو حریم حرمت دلبر بنا دیا
آنکھونکو عین دید کا منظر بنا دیا

حاجی بنا ہون دل اسیر آلِ حرم ہے
آنکھونکو بحرِ اشک کو زائر بنا دیا

ہیں پاس تجھکو یہ انفاس کا نہین
تونے دم مقیم مسافر بنا دیا

فیضانِ بوتراب کو در نجف مین دیکھہ
سنگریزہ کو نظر سے جواہر بنا دیا

اوڑنے لگی ادہر سے اودہر نامہ بر کو دیکھہ
قاصد نے میری روح کو طائر بنا دیا

تاثیر یار کم نہین آہن ربا سے ہی
آہن دلونکو کھینچ کے ذاکر بنا دیا

منھہ سے نکال پان دیا واہ رے نصیب
کیا صامتی کو مُفتین شاعر بنا دیا

٣٧

کسکی خمارِ مستی کا ہی یہہ اثر حبیب
ساقی نے میری آنکھہ کو ساغر بنا دیا

٥

اوج پیمائے فلک آج ہی اختر اپنا
قدر افزائی قدر اب ہی مقدر اپنا

مرحبا صلِ علےٰ کہتے ہوئے دوڑینگے
جبکہ اودیگا نظر شافعِ محشر اپنا

یا رسولِ عربی کیجے سبکدوش ہمین
بارِ عصیان گرانِ دوش ہی پیکر اپنا

کون آویگا وہان کام بجز ذاتِ نبی
زن و فرزند نہ مادر نہ برادر اپنا

آرزو ہی یہ حبیبِ جگر اونکا ذاتی

۳۸ — ۴

بعد مُردن کہ لگے چشت مین بستر اپنا

ذرا مجھکو چہرا دکھایا تو ہوتا
کہ دیوانہ اپنا بنایا تو ہوتا

مجھے مہر سے آفتاب کر آتا
شراب محبت پلایا تو ہوتا

ہوئی ہی ملاقات ظاہر مین مشکل
کبھی خواب مین تیرے آیا تو ہوتا

۳۹ — ۵

حبیب اب پڑا خواب غفلتمین وہ مہ
ذرا مہر سے آجگایا تو ہوتا

دیکھو غیرونکو ستانا نہین اچھا
ہنستے ہوئی پھر آنکھ لڑانا نہین اچھا

تھا ایک زمانیسے تیرا طالب دیدار
اب پاس میری آکے جانا نہین اچھا

ہم آتش فرقتمین جلی جاتی ہین جون شمع
اے جان جہان ہمکو جلانا نہین اچھا

سرگشتہ نہ ہو زلف سیہ فام کا اے دل
یہ کالی بلا سر پہ چڑھانا نہین اچھا

دل خانہ کعبہ ہے حبیب جگر افگار

۴۰ اے قبلۂ من کعبہ کا ڈھانا نہیں اچھا ۵

ذات بیچون ہے نہان ہے نور ذات مصطفیٰ
اور صفات اللہ ہیں دیکھو صفات مصطفیٰ

آپ خود عین تجلی آپ خود مرآت رب
قدرت حق ہے بلاشک معجزات مصطفیٰ

لاتعین کو تعین ہو گیا بے کیف و کم
ہے ظہور عالم ایجاد ذات مصطفیٰ

آب حیرت سے نکیون سیراب ہو جسکی جہان
آب بخش تشنگان ہے ہان فرات مصطفیٰ

۴۱ کیون نشان بیجہت میں ہے تو شیدائے حبیب ۵
ہے جہات بیجہت مطلق جہات مصطفیٰ

ہوگیا گلزار تن بھر زار یا مشکلکشا
نار دل بھڑکی کرو گلنار یا مشکلکشا

میری کشتی چلتے چلتے آ گئی طوفان میں
تم کرو اپنے کرم سے پار یا مشکلکشا

کیجئے میری مدد بھر شہ کرب و بلا
اندنون ہے حق بن بہت لاچار یا مشکلکشا

یا علی یا ایلیا یا بوالحسن یا بوتراب
کر مدد یا حیدر کرار یا مشکلکشا

۴۲ — ۶

اس حبیب خستہ تن کو از برای پنجتن
ہو عطا پھر دولت دیدار یا شہ مشکلکشا

غایب نہو جو تجھسے تو ہو حضور تیرا
غفلت کا داہو پردہ ہے تب ہو ظہور تیرا

ہر گلمیں ہر ثمر میں ہر شاخ میں شجر میں
خورشید و در قمر میں تابان ہے نور تیرا

ہر رنگ میں عیان ہے ہر بو میں تو نہاں ہے
ہر گلمیں جاودان ہے نور ظہور تیرا

اطلاق تیری شان ہے گھر تیرا لامکاں ہے
ہر حیثیت سے پیاری ادراک دور تیرا

اپنی خودی مٹا کر ہر دم خدا خدا کر
کیا سود دیگا زاہد عجب و غرور تیرا

۴۳ — ۵

ہے عکس اوسکا ہر جا آئینہ سا عیاں ہے
دیکھے ای حبیب اوسکو کر زنگ دور تیرا

منظور چشم ہو گیا جلوہ حضور کا
آنکھوں میں پھر گیا ہے سماں کوہ طور کا

غایب نہو جو یاد سے دائم حضور ہے
یارب بکرم ہو مجھے تو جانفزا

چھڑکا ہی زخم دل پہ نمک اوس طرح تو
ناصح ہی خوف کیا ہمیں شور نشور کا

ہی جلوہ اوسکا مردم دیدہ سیاہ چشم میں
اطلاق و رہو گیا نزدیک و دور کا

۴۴ ۔ ۶

گلگشت ہی حافظ دین ہا ہی حبیب
ہاں ہی ن قصو دار جو لون نام حور کا

پیا جو ساقی کرہا تو نسی جام سنگر کا
وہ کیون نہ وجد کری سنکے نام سنگر کا

مین تمکو دیتا ہون ای عاشقو مبارکباد
مدام آتا ہی تمکو سلام سنگر کا

دلون کی صید کو بنکے دانہ امید
بچھا دیا ہی وہ صیاد دام سنگر کا

خوشی سی پھول کی دل میرا باغ باغ ہوا
جو لائی باد صبا نی پیام سنگر کا

جناب خواجہ سلیمان کی آنکھ مین تصویر
خیال دل مین رکھو صبح و شام سنگر کا

کرینگے عرض ملا تک خدا سے روز حساب
حبیب خستہ کمین ہی غلام سنگر کا

کسی نے ہنس کے جو عاشق سے اپنی بات کیا | تو میرا یار مجھے دیکھو یاد آنے لگا

۲۶ حبیب بہ مسکین کی طرف دیکھو ۱۰
ہر ایک زر ورمین گرا وسے دبانے لگا

پاس مجکو دل بیمار نے سونے ندیا
وصل کی رات کٹی دغدغۂ فرقت مین
تنکو اوس مہر لقا کا تھا تصور دلمین
تا تھی تیری ملنے کی
ہماری
نظم

کاوش ہاجر ستمگار نے سونے ندیا
رات بھر مجکو میرے یار نے سونے ندیا
رات بھر زلف سیہ مار نے سونے ندیا
قبر میں حسرت دیدار نے سونے ندیا
ایکدم پاس مجھی یار نے سونے ندیا
عشق کے قافلہ سالار نے سونے ندیا
پھر اوسے رومی و عطار نے سونے ندیا
اوسے فیض کے انوار نے سونے ندیا

جب کوئی چست کمر باندہ کے طالب آیا
پھر اوسے سالک ہشیار نے سونے نہ دیا

۴۷ — ۷

اسقدر اوسکی حضوری مین کٹی عمر حبیب
خواب غفلت مین کبھی یار نے سونے نہ دیا

پیر گیسو دراز ہی اپنا
خواجہ بندہ نواز ہے اپنا

مجھ گنہگار کو بڑی ہی امید
تو غریب النواز ہے اپنا

خلق سے مجکو کچھ نیاز نہین
کیونکہ حق سے بے نیاز ہی اپنا

پیر و مرشد ہی آپ پر ظاہر
جو کہ پوشیدہ راز ہے اپنا

قیس و فرہاد سے کٹی درجے
دیکھو قصہ دراز ہے اپنا

ہون گنہگار پر بہت ہی امید
در توبہ ابھی سے ہے باز اپنا

۴۸ — ۹

ہم کمینے ہین تیرے در کے حبیب
عشق مین دل گداز ہے اپنا

دلا برزخِ شیخ مین ہم نی دیکھا
ہی خورشید ذرّے مین قطرے مین دریا

ذرا پیرِ کامل سے مطلب سمجھ لے
الانسان سرّی انا سرّہ کا

یہ ہے نسبتِ اتحادی کہ معنے
تو ہی قیس و فرہاد تو ہی زلیخا

یہ تعلیم استادِ معنی نی دی ہی
نظر مین نہ آوے کوئی غیر حق کا

یہ ہی حکم مکتب مین جو کوئی آوے
ہی تعلیم اوّل خودی سی گذر جا

پلایا مجھی دودھ مادر نی لکھ کے
تماشا تو آپ دیکھ لے اپنا کا

پدر نے مجھی گود مین لے کے لوریا
تو پہچان اپنے کو ای جان بابا

مٹا اپنی ہستی کو اوّل فنا ہو
ملے تب تو رتبہ فنا الفنا کا

۴۹ ۷

سمجھ غیر حق ہی نہین کوئی ہرگز
حبیبا اگر تو ہی طالب خدا کا

ہوں دیوانہ حافظ محمد علی کا
ہوں مستانہ حافظ محمد علی کا

جلوں کیوں نہ جب شمع الفت میں شب بھر
ہوں پروانہ حافظ محمد علی کا

غنیمت سمجھ دور مے زاہد اس دم
ہے میخانہ حافظ محمد علی کا

ملک کہتے ہیں لیجیے رہ ادب کی
یہ ہے خانہ حافظ محمد علی کا

بیان کیا کروں میں مزاجِ مبارک
ہے شاہانہ حافظ محمد علی کا

خلافِ شرع پر نہ لاؤ عقیدت
ہے فرمانا حافظ محمد علی کا

۵۰

حبیبا میری چشم روزِ ازل سے
ہے پیمانہ حافظ محمد علی کا

۸

یا الٰہی مجھے کر تو شیدا خواجہ حافظ محمد علی کا
عشقِ صادق مجھے ہو دے پیدا خواجہ حافظ محمد علی کا
دل ہو دیوانہ کوی حافظ جان ہو پروانہ روی حافظ
رہے آنکھوں میں ہر دم سراپا خواجہ حافظ محمد علی کا

مجھکو آجا کچھ اونکی خوشبو دنکو دیکھا کر دن شام گیسو

نقش ہو دلپہ وہ روے زیبا خواجہ حافظ محمد علی کا

ایک عالم ہے میرے پہ مفتون خیر آباد کا ہو نہین مجنون

میرے سر مین سرایا ہے سودا خواجہ حافظ محمد علی کا

عابدونکو غرور عبادت زاہدونکو ہے مستی طاعت

دو جہان مین ہے ہمکو سہارا خواجہ حافظ محمد علی کا

حور و جن و ملک اور انسان اونکی ہستی ہین زیر فرمان

مرتبہ حقنے فرمایا اعلیٰ خواجہ حافظ محمد علی کا

اوسکی حاجت روائی ہوئی ہے اوسکی مشکل کشائی ہوئی ہے

ورد جسنے کیا نام والا خواجہ حافظ محمد علی کا

سامنے حقکے روز قیامت مجکو لاکر فرشتے کہینگے

۵۱ ۷

ہی حبیب کمین نام لیوا خواجہ حافظ محمد علی کا

مین ہون غلام خواجہ بندہ نواز کا

پایا خطاب شیخ سے گیسو دراز کا

گلبرگہ شریف مین جو عشق سے گیا

ملنے لگا مزا اوسے روزہ نماز کا

مانگو کمال عجز سے منت تمہی مین

تا فائدہ حصول ہو نذر و نیاز کا

تربت جو اونکی دیکھا تو اللہ دیدنیہ

سجدہ مین گر پڑا ہوا دہوکا نماز کا

اوس در کا طفل اور جوانون پہ فوق ہی

ہر زاغ کو یہانکی تو دعوی ہی باز کا

سید ہی اور امام ہی نایب نبی کا ہی

واقف ہی وہ خدا کے تو راز و نیاز کا

۵۲ ۱۰

خادم کو اونکی دیکھکے کہتے ہین یون ملک

یہ ہی حبیب دیکھو کسی عشقباز کا

فیض ہفت اقلیم مین پھیلا معین الدین کا

پڑ گیا ہی ہند مین سکہ معین الدین کا

بادشاہ ہر زمانیکی وہ کھتا ہی شرف

جو غلام خاص ہی مولا معین الدین کا

حضرتِ قدوۃ عطا کی ہے یہ ادنیٰ بات ہے / شیر پر حملہ کیا کرتا سگ معین الدین کا

والیِ ہندوستان جس کو محمد نے کیا / بج رہا ہے ہند میں ڈنکا معین الدین کا

اُن کی شیدائی تھا پیاسا تھا بہشت حبیب اللہ / تھا یہ محبوبی کا ہو چرچا معین الدین کا

آپ کو قطب المشائخ خود پیمبر نے کہا / مرتبہ ہے کس قدر بالا معین الدین کا

کیوں نہ دوڑوں چھوڑ کر گھر کو طرف اجمیر کے / سر میں سودا ہو گیا ہے شیدا معین الدین کا

بند دنیا قید عقبیٰ سے کیوں آزاد ہو / عاشقِ دیوانہ ہو شیدا معین الدین کا

حشر تک کے کل مریدین سب امیر ہو گئے / کس قدر بھاری ہے پلّا معین الدین کا

حشر میں لیجا جنت میں خستہ کو بولیں ملک
ہے یہ خادم خاص گھر کا معین الدین کا

۵۳ ردیف باء موحدہ ۶

خوب ہیں گیسو کبھی کل دکھا دو صبا / اپنی روئے نکو ذرا سا ہنسا دو صبا

خلوت دل ہی اقامت کو تمھارے حاضر
اسمین تشریف مبارک کو تو لاؤ صاحب

مہر ہو ذرہ پہ گر خاک قدم اپنی ذرا
چشم گریان مین میرے آگے لگاؤ صاحب

برق وش دل ہی ہوئی جبسی جدائی نزد
وعدۂ وصل مجھی ابتو سناؤ صاحب

میری جانب سے تمھین لاکھ جو سمجھایا رقیب
اپنے دامن کبھی تم اوسکو نلاؤ صاحب

عرض کرتا ہی یہ اب تمسی حبیب مضطر
پاس سی میرے کبھی آپ نجاؤ صاحب

نظر یار کا ہے تیر عجیب
ہو گئے سیکڑون نخچیر عجیب

آنکھ کے ملتے ہی دل چھین لیا
اوسکے آنکھونمین ہی تاثیر عجیب

رشتۂ الفت جانان کی میرے
پاؤن مین پڑ گئی زنجیر عجیب

اوسکے قدمونپہ رکھا جسنے سر
بڑھ گئی خلق مین توقیر عجیب

پیر و مرشد میری حافظ ہین حبیب

۵۵ نہوا ایسا کوئی ہے عجیب ۶

اوسکے زلفوں کا ہلانا ہے غضب
دامِ الفت میں پھنسے ہیں سب کے سب

المدد شامِ غریبان المدد
ہو سحر عشرت کی جاوے غم کی شب

عشق میں تیری نہیں یک چشم تر
آہ سرد و رنگ زرد و خشک لب

خانۂ دل سب ہمنے خالی کر دیا
کہئے یہہ تشریف تم لاؤ گے کب

عرض کر اوس بت سے احوالِ دلی
سر جھکا کر دست بستہ با ادب

کیا ہوئی تقصیر بندہ سے حبیب
سُن ہون میں سُنتی نہیں ہو میری اب

۵۶ ردیف باے فارسی ۹

ذرہ ذرہ میں خود عیاں ہو آپ
جان ہر شان میں نہاں ہو آپ

کل شئی محیط ہو بیشک
پھر جو ڈھونڈا تو لا مکان ہو آپ

دیکھنا آپکا نہین ممکن
ہان صفا تو نہین خود عیان ہو آپ

آپ ہر جا ہے ہو کہان ڈہونڈون
خود مکین آپ ہر مکان ہو آپ

مسئلہ خیر و شر کا بتلا کر
خوب ہادیٔ گمرہان ہو آپ

عشقبازون مین آپکا ہے اثر
خوبرویون مین جا ودان ہو آپ

مے ہو ساقی ہو خم ہو اور خمار
رنگ ہو بو ہو گلستان ہو آپ

آپ مسجودِ کُل ملائک ہو
خالق جملہ مرسلان ہو آپ

آپ محبوب ہو اور آپ حبیب
آپ خود اپنے رازدان ہو آپ

۵۷ ردیف تائے فوقانی ۱۲

دل میرا باغ باغ ہو اور سینہ ہو بہشت
صدقے سے آپکے ابھی یا خواجگانِ چشت

دہ چشم ہر ذرہ پہ ہو خواجگانِ چشت
دل داغ عشقِ رب سے گل لالہ ہو بہشت

حسرت ہے مر نہ پھر مجھے قصرِ بہشت کی
گر رہگذرِ چشت کے ہاتھ آئے ایک خشت

کیا خوب مرتبہ ہے مریدانِ چشت کا
دیدارِ حق ہے دید میں اور جلسہ بہشت

منکر نکیر سے ہمیں اندیشہ کچھ نہیں
ہو زیرِ سر لحد میں جو کوچہ کی اک خشت

دل کی زمین میں عشق کا بویا ہے ہم نے تخم
پھولی پھلی برنگِ گلستاں ہماری کشت

چشتی نظامی فخری سلیمانی حافظی
صد شکر لکھی کاتبِ قدرت نے سرنوشت

گل کی روش میں زیرِ لحد پھول جاؤنگا
آوے مزار پر اگر اک عندلیبِ چشت

منظورِ چشمِ حق جو ہوا ہے طریقِ چشت
بہتر ہے پارساؤں سے اس سلسلہ کے زشت

گر بت پرست گزریں سوے خواجگاں کبھی
زنار توڑیں کلیسہ پر ہیں چھوڑ دیں کنشت

ہو پر غبار قبر میری گل برنگ باغ
اڑ آئی گرد باد کے گر خاکِ کوے چشت

۵۶

تجھکو حبیب خوف نہیں روزِ حشر کا
حافظ ہیں تیرے خواجہ اسحاق شاہ چشت

۱۵

آج محبوبِ خدا کی ہی چراغان کی رات
ہادی راہ ہدا کی ہی چراغان کی رات

رہبر و راہنما کی ہی چراغان کی رات
واصلِ ذاتِ خدا کی ہی چراغان کی رات

قبلہ شاہ و گدا کی ہی چراغان کی رات
کعبہ اہلِ صفا کی ہی چراغان کی رات

ذرۃ التاجِ ولایت شہِ عالی منصب
عالم علم خدا کی ہی چراغان کی رات

چاہ ہی حورین زلیخائی کو آتی ہین یہان
یوسفِ ماہ لقا کی ہی چراغان کی رات

اولیا غوث کی افراد کا مختار جو ہے
اوس امامِ دوسرا کی ہی چراغان کی رات

جن و انسان و ملک جس سے کہ ہین قبلہ پرست
آج اوس قبلہ نما کی ہی چراغان کی رات

نائبِ ملکِ سلیمان ہی حافظ میرا
آصفِ شہر سبا کی ہی چراغان کی رات

خیر آباد کو ای طالعِ میمون لیچل
اوس مہ مہر و صفا کی ہی چراغان کی رات

حورین حیران ہین فیض و سمین اس جلوہ سے
واہ کس ناز و ادا کی ہی چراغان کی رات

دلمین ہی شوق تو ہی دیدۂ امید مین نور
سر بسر فیض و عطا کی ہی چراغان کی رات

بلبلِ باغِ جنان پھولی ہی اور گل ہی بہار
آج کس سالِ بہجت کی ہی چراغان کی رات

ہر گدا شاہ ہی مسند ہی حصیرِ محفل
نائبِ ملکِ خدا کی ہی چراغان کی رات

کیون نہ ہو غنچہ امید ہمارا گلرنگ
ہدہدِ شہرِ سبا کی ہی چراغان کی رات

٥٩

وجد میں آئے انکیو جان حبیب مشتاق
اوس نوا سازِ غنا کی ہی چراغان کی رات

٨

انکھ زمین سے جا دوست اور اپنی جا ہو ذرہ
سر تا بپا اپنی چمن میں ہوا دوست

راہِ سراغ ڈھونڈھ رہی ہین بربادِ دوست
کیا خوب بچ گیا ہی ہمین نقشِ یادِ دوست

عمرت دراز باد کہ آئے چلا گئے
اپنی بقا کی چاہ تھی خبرِ بقاءِ دوست

جنت میں بھی نہ جاؤنگا دوزخ کی طرف
پھرتا ہون ڈھونڈھتا درِ دولتسرائے دوست

زیرِ زمین خوشی سے نہ پھولی سماؤنگا
دو پھول رکھی میری سجدہ پر اگر آئی دوست

ہمکو عذابِ قبر سے دوزخ سے کیا ہی ڈر
یا بی نجات ہی درِ دولتسرائے دوست

وہ شب شب برات ہے وہ روز روز عید
جس وقت راہ بھر سے گھر میرے آئے دوست

ہو جاؤنگا مین جان بہ کیا باہر سر در سے
جاے کفن جو مجکو ملے گر قبای دوست

کیا عاشقوں کو خوف جو مرد آزمای عشق
جان تک نہین عزیز اگر آزمای دوست

زاہد یہ حال بھی کہین آتا ہے قال مین
کیا تجھسے ہم بیان کرین ماجرای دوست

لکھوں تو جا ملے نہ صحیفہ مین دہر کے
دلمین ہے اسقدر میرے شوق لقای دوست

کعبہ مین بتکدہ مین کلیسیہ مین دیر مین
دیکھا نظر مین کچھ نہ آیا سوای دوست

نذرین کرین نیاز کرین یا دعا کرین
یادش بخیر جبین ہے کیا کیا برای دوست

٥

یہان سکڑون ہین نام پہ حافظ کے جان نثار
مین اے حبیب ایک نہین کچھ فدای دوست

٦٠

سر ابروی ہے کیسر مد بسم اللہ کی صورت
سدا بر رخ کا رکھیو رابطہ اے طالب مولے

کتاب رخ تمہارا ہے کلام اللہ کی صورت
جمالی دلمین ہے پیر مرشد آگاہ کی صورت

ذرا تو غور کر یہ خانۂ دل ہے خدا کا گھر
نظر آ جاوے گی بیشک وہی بیت اللہ کی صورت

بغیر از پیر کامل کی عنایت کے نہیں ممکن
کہ لوحِ دل سے ہو وے محو حبِ جاہ کی صورت

٨١

حبیب منتظر کو بعد حلت کے خداوندا
سحر میں جلد دکھلا دے رسول اللہ کی صورت

٨

آنکھوں میں بسی خواجہ سلیمان کی صورت
اور دل میں جمی حافظِ قرآن کی صورت

جو سامنے آیا ہے اوسے غور سے دیکھا
معلوم مجھے ہوتی ہے پہچان کی صورت

کہتے ہیں ملک بارِ امانت یہ اوٹھایا
اے صلِّ علیٰ حضرتِ انسان کی صورت

حافظ کی سی صورت کوئی دیکھی نہیں ہے
کس دبدبہ و رعب کی کس شان کی صورت

جو جن و بشر اور ملائک کا ہے سرور
وہ فخرِ جہاں خواجہ سلیمان کی صورت

اب کوئی بھی صورت مجھے بھاتی نہیں مطلق
آنکھوں میں بسی حافظِ قرآن کی صورت

اپنے کو ذرا جان لے پہچان لے حبیبا
تو آئے نظر تجھکو تیری جان کی صورت

۶۲ — ۵

ٹک غور سے تو دیکھ حبیب دل خستہ
چھپتی نہیں ہے صاحب عرفان کی صورت

معبود کی ہر شے میں آتی ہے نظر قدرت
اور نام محمد پر حق کی ہے سدا رحمت

اے اُمتیو شاداں ہونیکا محل آیا
کیونکہ کہ محمد کی حق پاس ہے بس عزّت

اب چشتی کے در پر میں کتا ہوں بنا بیٹھا
راحت ہے مجھے راحت اور فرحت ہے مجھے فرحت

میں چھوڑ کہاں جاؤں حافظ تیری قدموں کو
ہاں العبد زمانیکی حاصل ہوئی یہ دولت

مجھ پر میرے یار و نہیں ہو فضل حبیب حق
محشر میں کہیں یارب جاوے نہ میری عزت

۶۳ ردیف ثاء مثلثہ ۱۳

الغیاث اے شاہ شاہاں الغیاث
الغیاث اے نور یزداں الغیاث

اے طبیب انس و جاں ہوں جاں بلب
کیجیے اب میری درماں الغیاث

بینوائی برگ و بیسامانی نہین | چاہتا ہون تمسی سامان الغیاث
راہ بھولی ہر طرف پھرتا ہون مین | رہ دکھا خضرِ بیابان الغیاث
سامنے تیرے کرینگے یا نبی | حشر مین جملہ رسولان الغیاث
یا علی مشکلکشا مشکل کشا | شاہِ مردان شیرِ یزدان الغیاث
یا حسن بصری شہ والا کرم | جانشینِ شیرِ یزدان الغیاث
خواجہ ابراہیم بلخی بادشاہ | بادشاہِ بادشاہان الغیاث
خواجگان چشت خاطر جمع ہو | دل سراسر ہی پریشان الغیاث
یا معین الدین معینِ اولیا | یا نظامِ فخرِ خوبان الغیاث
یا سلیمانِ جہان قطبِ زمان | رہنمائے جن و انسان الغیاث
حافظِ ہر دو جہان سالارِ عشق | مالکِ ملکِ سلیمان الغیاث

بندۂ ناچیز و بیچارہ حبیب

ہے وہ سرگردانی حیران الغیاث

۶۴ ردیف جیم تازی ۱۴

حق نے جو محمد کو بلایا شب معراج
مختار خدائی کا بنایا شب معراج

جبریل نقیبانہ تھے اوس صبح صفا کے
کس شان و تجمل سے وہ آیا شب معراج

جب نیر آمد وہ مہ حضرت سبحان کا
ہر سنگ میں تھا طور کا جلوہ شب معراج

دکھلائی دیا جلوہ ملک اور رسل کو
اللہ کی قدرت کا تماشا شب معراج

وہ حسن خدا داد خدا نے انہیں بخشا
قربان ہوا جو انہیں دیکھا شب معراج

داخل جو ہوئے مسجد اقصیٰ میں محمد
تھے جملہ رسل دیکھ کے شیدا شب معراج

وہاں قدس کے عالم میں بھی رکھ کر قدم ان کے
راگ ان کا فرشتوں نے جو گایا شب معراج

کس ناز سے وہ تارکنان عرش پہ آیا
نعلین تلک بھی نہ اوتارا شب معراج

جب عرش پہ ہم نغمۂ وصلت ہوا حق سے
تھا برکت سے وہ عالم بالا شب معراج

امت کے لئے خسرو لولاک لما نے
آئی ہاں ہیں کیا نعمت عظمیٰ شب معراج

تا زاں ہوا جب عرش میں آوے نبوی کو
یثرب ہے ہاں بنا عرش معلیٰ شب معراج

بلبل کی طرح عرش میں بھولی تھی مخلوق تا
کل قیمت امت کا اُٹھا لا کیا شب معراج

وہاں عرش میں جاتی ہی فقر کا خرقہ
وہ خرقہ پہن کر کی خود آیا شب معراج

۶۵ قربان حبیب اُسپیہ ہی سو بار بصد جان ۱۴
جو شاد ہوا سُنکی یہ قصہ شب معراج

محبت کبریا حضرت شکر گنج
حبیب مصطفیٰ حضرت شکر گنج

رئیس الاولیا حضرت شکر گنج
ہاں ہیں زہد الانبیا حضرت شکر گنج

مرادیں میری دلکی کیجی حاصل
بحقِ مرتضیٰ حضرت شکر گنج

فرید الدین غیاثی یا مغیثی
نظر بر حال ما حضرت شکر گنج

معین تیرے سوا اس ما سوا میں
نہیں ہے دوسرا حضرت شکر گنج

وسیلہ پیش و پس عالم کو ہی اور
ہمارے پیشوا حضرت شکر گنج

نکیونکر ہووے دل اس پر بستہ مشکل
میرے ہو مشکل کشا حضرت شکر گنج

کرو پھر خدا تم جلد پوری
ہماری مدعا حضرت شکر گنج

مجھے بند الم اور رنج غم سی
کرو جلدی رہا حضرت شکر گنج

ہوئی تلخی مشکل کیا ہی شیرین
کہا جب تمنے یا حضرت شکر گنج

مین گرتا ہون مجھے تم تھامتے ہو
ضعیفون کی عصا حضرت شکر گنج

کہا کر آپکا احوال اپنا
کہو نہیں کس سے جا حضرت شکر گنج

تمھارا ہون تمھارا ہون تمھارا
برا ہون یا بھلا حضرت شکر گنج

۶۶

خبر لیجیے حبیب ناتوان کی
تمھارا ہی گدا حضرت شکر گنج

۹

دل ہے گویا چمن کوچہ دلدار میں آج
نغمہ زن بلبل خوش لہجہ ہے گلزار میں آج

یا الٰہی میرا عیب سبکو ہنر سا خوش آئے
سرخرو تا کہ رہوں سبکے سر کا میں آج

کچھ تو دیدار سلیمان جہاں تجھکو
صورت مور ہوں حاضر تیری دربار میں آج

باغ جنت ہو مبارک تجھے ای زاہد خشک
گل سا پھولا میرا دل کوچہ دلدار میں آج

ناسپر کے بیٹھا ہوں جو میں ہو کے فقیر
کیوں نہ خوشحال پھروں حشمت کی بازار میں آج

گو ہو عمر دہ صد سالہ بھی و عشقبازی
باد عیسیٰ ہی حقیقت تیری رفتار میں آج

یا مگر گیسو عارض میں ہیں کفر و اسلام
گفتگو عشق میں ہی کعبہ کا فریدار میں آج

ابرو قاتل خونریز نہیں تیغ ہی کچھ
قتل ہو دیگا جہاں عشق کی بازار میں آج

٥

حافظ دین کی محبت میں ہوں مست حلیب
بادۂ شوق پیا خمکدۂ یار میں آج

٦٧

زاہد اگر دل نشیں کلمی میری حبّ جا آج
خانۂ دلکو کیہو رنگا ہی بیت الله آج

سرزمیں عشق میں ہی کیا خیمہ کھڑا
اسم تشریف لا د حسبتہ لله آج

حشر کے دن خوب خوش ہو کر کہینگے متقی
پھونک دو لگا خرمن تقویٰ پیر زاہد کا آج

بخشوا دینگے ہمیں احمد رسول اللہ آج
سینہ بریاں ہے جگر سرد ہو وے آہ آج

جب ہٹا کو کھینچ وہ محبوب اپنا اے حبیب
خلق حیرت سے پکاری دیکھو نکلا ماہ آج

ردیف جیم فارسی

جلوہ گر یار نہ ہو تمہیں تو جہاں ہیچ ہے ہیچ
گر مکیں ہی نہ مکاں میں تو مکاں ہیچ ہے ہیچ

کیا میں جنت میں بھلا لیکے کروں حور و قصور
ہو نہ دیدار ترا باغ جناں ہیچ ہے ہیچ

بادشاہی کی ہے خواہش نہ امیری کی ہوس
گر ملے یار تو پھر سارے جہاں ہیچ ہے ہیچ

کیفیت ہے دلا بادہ کشی سے حاصل
گر نہ ہو پیر مغاں مے کی دکاں ہیچ ہے ہیچ

صاف کر دل کو زباں کی نہ فصاحت میں رہو
عیش ارباب فنا اہل زباں ہیچ ہے ہیچ

گر لقا چاہے تو ہو ذات خدا میں فانی
یہ جو ہستی ہے تیری وہم و گماں ہیچ ہے ہیچ

جان اپنی تو سمجھ لے بجد جانانکو | تو بجان بجز جانِ جہان ہیچ ہیچ

گر حبیب ہے پدر اور نہ مادر پہ غرور
عشق میں دیکھ فلان ابن فلان ہیچ ہیچ

۶۹ ردیف خاء معجمہ ۱۰

نظام الدین سلطان المشائخ | شہ تمکین سلطان المشائخ
معین الدین قطب الدین کاکی | فرید الدین سلطان المشائخ
پریشان حال ہوں اب اندنوں مین | بدہ تسکین سلطان المشائخ
خدا کیواسطی اب رحم کیجے | مین ہوں غمگین سلطان المشائخ
ملک فقر اسا کینو نکی تم ہو | کی تزئین سلطان المشائخ
تمامی اولیانے دیکھ تمکو | کئے تحسین سلطان المشائخ
جمال الدین برالدین اسحاق | علاؤ الدین سلطان المشائخ

کرم ہو مجھپہ محبوب الٰہی
نصیر الدّین دعا اوس وقت مانگے

مین ہون مسکین سلطان المشائخ
کہے آمین سلطان المشائخ

حبیب کمترین ناچیز کے تین
کرو تلقین سلطان المشائخ

یا رب ہمارے آنکھ مین دلمین سماے شیخ
کوئی نظر مین میرے نہ آوے سواے شیخ

منکر نکیر کے مین سوالونکا دون جواب
گر قبر مین نصیب ہو مجکو لقاے شیخ

امیدوار ہون کہ خطا پر نہو نظر
پھر کیا پتا لگے جو اگر آزماے شیخ

مر جاونگا مین مارے خوشی کے چلین لو
مجھکو دم اخیر جو صورت دکھاے شیخ

دستان فیض بخشی کی ہے میرے سر کی
طالب کو اپنے چاہے تو دلمین بساے شیخ

ہمراہ پیر بھائیونکے عاصی حبیب بھی
محشر کے دن ہیگا وہ زیر لواے شیخ

ردیف دال مہملہ

اللّٰہم صلّ وسلم علیٰ سیّدنا محمّد وعلی وفاطمہ وحسن وحسین وآلہ واصحابہ بعدد کلّ مخلوقاتک

١٧١ — ٢٠

اللہ رے اوجِ سرِ ایوانِ محمدؐ
ہے عرش سے تا فرش عیاں شانِ محمدؐ

ہون فضلِ ربّ سے نمک خوانِ محمدؐ
بندہ ہے گنہگار و سگِ دربانِ محمدؐ

موسیٰ کو دکھا دون سرِ ایوانِ محمدؐ
ہے طور کا شعلہ رخِ تابانِ محمدؐ

آبادی ہے تا حشر شبستانِ محمدؐ
روشن ہے چراغِ رخِ تابانِ محمدؐ

طوبیٰ سے ملا دون قدِ ذیشانِ محمدؐ
کہتے ہیں اسے مطلعِ دیوانِ محمدؐ

نکلا ہے کہ ہر چاند میں قربانِ محمدؐ
آنکھون کو دکھا دو رخِ تلبانِ محمدؐ

کیا منھ ہے جو نعتِ شہِ لولاک رقم ہو
خود خالقِ اکبر ہے ثنا خوانِ محمدؐ

سنبل سے سحر لپٹتی ہے نسیم چمن آ کر
دیکھا ہے کہیں کاکلِ پیچانِ محمد

ہے عالمِ جبروت سے تا عالمِ ناسوت
زیرِ پردۂ وابستہ نہانِ محمد

ق

یارا ہے ہما دو جہان حافظ داریں
ہمنام محمد علی و شانِ محمد

پھر شیشۂ دل بادۂ توحید سے بھر دو
اے ساقیِ جامِ مئے عرفانِ محمد

اللہ دکھاتا ہے مہِ عید بنا کر
اے صلِ علی نورِ گریبانِ محمد

اے بادِ صبا تو مرے آنکھوں میں لگا دے
سرمے کی عوض خاکِ بیابانِ محمد

کیا طائرِ دل کو ہے مرے شوقِ زیارت
دکھلا دے خدا مجکو گلستانِ محمد

جب حضرتِ مطلق نے تنزل کیا پایا
اوس شکلِ خدائی سے ہوئی شانِ محمد

عالم کو کریں زیر و زبر چشم زدن میں
رکھتے ہیں تصرف یہ گدایانِ محمد

عیسیٰ فلکِ سبز پہ ہیں آئے زمیں پر
بھاری ہے بہت پلۂ میزانِ محمد

ہر موے بدن سے ہے یہ توحید الٰہی
ہے طوطیِ حق گو رخِ تابانِ محمد

صدقے میں سدا اونکی میری حاجات روا کر
یا رب پئے آل و پئے یاران محمدؐ

٦٢

تو مانگ حبیب اپنے کے لئے حق سے دعا یہ
محشر میں رہے سایۂ دامان محمدؐ

١٠

عشاق کو کوثر ہے لب جوئے محمدؐ
فردوس سے بہتر ہے اونھیں کوئے محمدؐ

جس طرف چلے جاتی تھی وہ سید مرسل
اصحاب کو لیجاتی تھی واں بوئے محمدؐ

ائی امتیو کل کی شفاعت وہ کرینگے
جانو اسی انداز سے ہے خوئے محمدؐ

کعبے میں کھڑے ہیں کہ ادھر سے کرو رخ
محراب حرم ہے مجھے ابروئے محمدؐ

والشمس ہے اونکی رخ انور سے ہویدا
واللیل کی صورت ہے یہ گیسوئے محمدؐ

میں قبر میں جاتا ہی نکیرین کے آگے
دکھلائی خدا جلد مجھے روئے محمدؐ

محشر میں مجھے سامنے حق کے جو کرینگے
گھبرا کے میں دیکھونگا وہاں سوئے محمدؐ

جس چشم کو بیمار بنا کر دو عمر بین
ای صل علیٰ نرگس جادوئے محمدؐ

ای حیدرِ کرار شیرِ شکل میری حل کر | یا شاہِ نجف قوت بازو دی محمدؐ

جنت مین نجائیگا حبیب دلِ شیدا
جب تک نہ نظر آنے ادیسے دی محمدؐ

۹ | ۷۳

دکھادی خدایا لقائے محمدؐ | بر لاے محمدؐ بر لاے محمدؐ

نہ آئے نظر دوسرا مجکو یارب | سوائے محمدؐ سوائے محمدؐ

مجھے نزع مین گور مین یا الٰہی | ذرا اپنی صورت دکھائی محمدؐ

ہی ایمان ہمارا ہی ایمان ہمارا | ولائے محمدؐ ولائے محمدؐ

ہاین چشتی نظامی و فخری تمام | گدائے محمدؐ گدائے محمدؐ

دمِ آخری دمبدم منھہ سی نکلے | ثنائے خدا اور ثنائے محمدؐ

میری التجا ہی یہی ای الٰہی | کہ دیوانہ اپنا بنائے محمدؐ

الانسان سرّی انا سرّہٗ کا | خطابِ خدا ہی برائے محمدؐ

حبیب کمین ہی دل جان سے
فدائے محمد فدای محمد

اوس شوخ کی آنکھونکا بیمار مبارکباد
ہو ناوک مژگانکا سوفار مبارکباد

ہر مومن کافر کو ہی مسجد و بتخانہ
ہمکو تو تیرا کوچہ دلدار مبارکباد

ابرو کے تیری بسمل ہین چاہ جہان لاکھو
پھر قتل کو عاشقکی تلوار مبارکباد

معلوم نہین کتنے اس راہ مین رہتی ہین
ہنستے ہوئی آتا ہی وہ یار مبارکباد

دعوا انا الحق تھا عرفان جو ہو حق کا
منصور سے عاشق کو ہو دار مبارکباد

جبسے کہ حبیب نے پایا قطعہ کا مین کہلایا
دیتے ہین مجھی ملکی سب یار مبارکباد

رخ دلدار ہو مبارکباد
مجھکو دیدار ہو مبارکباد

قتل کرنے کو نفس دشمن کے
تیری تلوار ہو مبارکباد

دلِ زاہد کو باغِ جنت مین ق گل و گلزار ہو مبارکباد
ہمکو اوس دلربا کی کوچی کے در و دیوار ہو مبارکباد
جوکہ دعوی کرے انا الحق کا پھر اوسے دار ہو مبارکباد

ہی حلیب ضعیف دیدۂ راہ
اوسکا دیدار ہو مبارکباد

الٰہی بحرمت شیخ المشائخ خواجہ ابی الفضل عبد الواحد ابن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۷۶ ۱۹

خواجۂ کل اولیا ہی عبد واحد ابن زید
مرشدِ کل صفیا ہی عبد واحد ابن زید
جانشین مصطفی ہی عبد واحد ابن زید
خاص محبوب خدا ہی عبد واحد ابن زید
دفع کیجی از برای حضرت شیخ مشکلات
مجھپہ جو نازل بلا ہی عبد واحد ابن زید
سرورِ کل اولیا اور بادشاہِ اصفیا
طالبونکا رہنما ہی عبد واحد ابن زید

درد و غم رنج و الم ہو دور دلسے سربسر — آپسے یہ التجا ہے عبد واحد ابن زید

سنگِ در یار پر ہے اور سر ہے آستان — نظر تیری کیمیا ہے عبد واحد ابن زید

آخرت کا خوف کب ہے ہو مریدونکو لا — شافعِ روزِ جزا ہے عبد واحد ابن زید

وقف راجع ہے نہ سالک تیری دربار کا — کیونکہ تجھسا رہنما ہے عبد واحد ابن زید

کب فقیرونکو رہی ظلِّ ہما کی آرزو — خود تو ہی ظلِّ خدا ہے عبد واحد ابن زید

دیدیا جسکو کلاہ و چترِ شاہی آپنے — گو گدا پر بادشاہ ہے عبد واحد ابن زید

شیخ حضرت حسن بصری کا خلیفہ نامدار — واقفِ سرِّ خدا ہے عبد واحد ابن زید

حلِّ مشکل کی ہوئی جسنے پکارا آپکو — اوسکی پھر حاجت روا ہے عبد واحد ابن زید

پاس کب آتی ہے اوسکے آفت رنج و الم — درد جسنے کر لیا ہے عبد واحد ابن زید

نامِ نامی آپکا ہر وقت اوٹھتے بیٹھتے — ہم ضعیفونکا عصا ہے عبد واحد ابن زید

بیکسی حالیں ہیں جو بیکسونکا دستگیر — دافعِ رنج و بلا ہے عبد واحد ابن زید

جو کہ ہین غواص معنی و نکا معنا صورتا
بحر اسرار خدا ہی عجبا احد ابن زید

حل مشکل کیلئی اسم مبارک اُنکا
ورد ہر صبح و مسا عبد واحد ابن زید

کیون مریدونکو ہو مرتبہ فنا فی اللہ کا
ذات حق مین خود فنا ہی عبد واحد ابن زید

اس حبیب نا تو انکی حل مشکل کیلئی
کون ہی تیری سوا عبد واحد ابن زید

تو لو خدا ہی خدا ہی محمد
نسمجھو خدا سے جدا ہی محمد

بظاہر ہی انسان باطن مین رحمان
کہ خود مظہر کبریا ہی محمد

دو عالم مین ایسا ہوا ہی نہ ہوگا
اولو العزم و اہل لوا ہی محمد

ہی گلزار ما زاغ کا سرو رعنا
گل باغ برگ و نوا ہی محمد

عجب بزم لولاک کا شمع روشن
حبیبا جہانکی ضیا ہی محمد

الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ شیخ الاتقیا
۷۸ شیخ حسن محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۱۰

رستے خوشی نبھا کرو خواجہ حسن محمد
اپنا جمال دکھلا خواجہ حسن محمد

تیرے سوا امیر اہی کون ما سوا مین
اے ساز ساز معنی خواجہ حسن محمد

کیا لیکے دنین شاہی بس ہی تیری گدائی
بندہ ہون تیرے در کا خواجہ حسن محمد

ہی کون پیر تجھسا اور دستگیر تجھسا
تجھسا ہا نہ ہوگا خواجہ حسن محمد

نورِ سلیمانت تجھسے عیاں ہی دوجہان مین
حافظ حبیبیونکا خواجہ حسن محمد

عیسیٰ نصیر یونکا موسیٰ کلیمیونکا
ہی مظہر تجلی خواجہ حسن محمد

محبوب حقکے تم ہو مطلوب سبکے تم ہو
ہو طالبونکے مولا خواجہ حسن محمد

دنیا مین سرخرو رکھہ محشر مین آبرو دو
اے بحرِ جود و تقوٰے خواجہ حسن محمد

فخری نظامیونکا فیاض آپ ہی ہو
دونون جہان مین تیکا خواجہ حسن محمد

۷۹ — ۷

صدقہ جمال دینکا کر رحم مجھپہ ہوئے
مین ہون حبیب تیرا خواجہ حسن محمدؐ

خدایا ہو حاصل وصالِ محمدؐ — رہون مست محوِ جمالِ محمدؐ

محمدؐ کا سایہ محمدؐ علی ہاین — شرفیین وہ دیکھو تو آلِ محمدؐ

ذرا پوچھکر مرشد سے ہمسر — جمالے تو دلمین جمالِ محمدؐ

ہی گر خوف تجھکو دمِ واپسین کا — سدا رکھہ تو دلمین خیالِ محمدؐ

بچاوینگے امت کو روزِ قیامت — یہہ ادنی ہی ایدل کمالِ محمدؐ

خدا کے سوا کون جانے ہی رتبہ — ہی معلوم حقکو کمالِ محمدؐ

۸۰ — ۶

حبیبا خدا آپ عاشق ہوا ہی
عجایب ہی حسن و جمالِ محمدؐ

عجایب شان ہی شانِ محمدؐ — کہ ہی جبریل دربانِ محمدؐ

ہماری جان کی کیا ہے حقیقت
ہیں لاکھوں جان قربانِ محمدؐ

ولا جن و ملک ہیں اونکے تابع
دو عالم زیرِ فرمانِ محمدؐ

جو دیکھا اونکو دیکھا خدا کو
خدا کی شان ہے شانِ محمدؐ

ابا بکر و عثمان جیسے
ہیں خاص الخاص یارانِ محمدؐ

حبیبِ کبریا ہے نام جسکا
وہ ہے ذرّہ کش خوانِ محمدؐ

۱۸ ردیف ذال معجمہ ۱۰

خیر آباد سے آیا کاغذ
میرا مولا نے مجھے بھیجا کاغذ

سُنکے عشاق کی دل بھول گئے
کچھ عجب ہوم مچا یا کاغذ

متّصف ہی جو باوصاف الٰہ
اوس ولی نے مجھے بھیجا کاغذ

مہربانی سے میری خواجہ نے
بعدِ مدّت مجھے لکھا کاغذ

نامہ بر بھیج رسولِ اکرم | جلد پہنچا دے ہمارا کاغذ
پانوں پر گر قدمِ جاناں کے | یہہ کسی طور سے دکھلا کاغذ
آگئی جان تنِ بیجان میں | ہو گیا مجھکو مسیحا کاغذ
دے اے احباب مبارکبادی | مجھکو حضرت نے جو بھیجا کاغذ
دیکھکر خط کو میرے فرمایا | کسکے نزدیک سے آیا کاغذ

نام سنکے وہ حبیب عاشق کا
پڑھ کے پھر جیب میں رکھا کاغذ

۶۲ ردیف راءِ مہملہ ۱۴

الٰہی بحرمت امیر المومنین امام المتقین حضرت ابابکر صدّیق رضی اللہ تعالٰی عنہ۔ قال النبیّ صلی اللہ علیہ وسلّم

۸۲ حبّ ابی بکر من الایمان ۱۴

وزیرِ مصطفیٰ صدیقِ اکبر — امامِ اتقیا صدیقِ اکبر

پس از جملہ نبی اوّل ہیں سب سے — ہماری پیشوا صدیقِ اکبر

سُنی معراج میں حضرت نے حق سے — تمہاری سی صدا صدیقِ اکبر

مدد اوس وقت میری کیجیے گا — جو ہو روزِ جزا صدیقِ اکبر

رسولِ ہاشمی سے بخشوانا — ہماری بھی خطا صدیقِ اکبر

تمہاری مدح کرتے تھے ہمیشہ — جنابِ مصطفیٰ صدیقِ اکبر

مجھے رنج و الم سے رکھیو محفوظ — یہی ہے التجا صدیقِ اکبر

بحقِ خوجگان چشت مجھ پر — کرم ہو آپکا صدیقِ اکبر

عنایت حافظِ دین کی ہمیشہ — رہے میرے پہ یا صدیقِ اکبر

تمنا ہے کہ میں آنکھوں سے دیکھوں — مزارِ مصطفیٰ صدیقِ اکبر

سمجھتے ہیں تمھیں محبوب ِ!	شہِ ہر دو سرا صدیقِ اکبر
مجھے اپنا جمالِ پاک دکھلا	بحق مصطفےٰ صدیقِ اکبر
بنا تعویذ نیرِؔ درد دل کا	تمہارا نقشِ پا صدیقِ اکبر

۸۳ حبیب خستہ با ایمان اٹھے
یہی ہے مدعا صدیقِ اکبر ۱۱

الٰہی بحرمت حضرت امیر المومنین امام المسلمین عمر ابن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

یا امیر المومنین حضرت عمر	یا امام المسلمین حضرت عمر
کفر پر اسلام کو غالب کیا	ناصرِ دینِ متین حضرت عمر
عدل سے جسکے جہاں آباد ہے	ہے وہ شاہِ عادلین حضرت عمر
فی الحقیقت حضرتِ صدیق بعد	مصطفےٰ کی جانشین حضرت عمر

ق

اے خوش آں دن تیری تعریفیں
بولے ختم المرسلین حضرت عمر

بعد میرے گر نبی ہوتا کوئی
تو نبی ہوتے یقین حضرت عمر

کشمکش سے نفس کی ہو کے نجات
دیکھیے میری تئیں حضرت عمر

حشر کے دن آ بروے کھیئے میری
ہوں تیرے رسوامیں کہیں حضرت عمر

جب نے توبہ ہاتھہ پر میرے کیا
دو او نہیں خلد بریں حضرت عمر

دفتر عصیاں کو دہو ڈالیں میرے
خود کراماً کاتبین حضرت عمر

اس حبیبِ خستہ کی لیجے خبر
ہے تیرے در کا کمیں حضرت عمر

الٰہی بحرمت شیخ المشائخ خواجہ علو دینوری

۱۲	رضی اللہ تعالیٰ عنہ	۸۴

چشتیوں کے پیشوا خواجہ علو دینوری
فخر نیکوں رہنما خواجہ علو دینوری

آپ کے در پہ ہیں سب دست بستہ باادب — ملتجی شاہ و گدا خواجہ علوی دینور

کوئی خرقہ کوئی پاتا ہے کلاہِ سروری — تاج بخشِ اولیا خواجہ علوی دینور

آپ کے در سے بٹتی نعمتِ جباری — فیض ہر بچہ جا بجا خواجہ علوی دینور

ایدلِ بیکس بچا لِ بیکسی از رو کرم — ورد رکھہ ہیچ دم سا خواجہ علوی دینور

رحم کر خواجہ میں آتا ہوں سیر پہ کے لیے — حال پہ بندہ کے یا خواجہ علوی دینور

نزع میں اور گور میں اور عرصۂ محشر میں بھی — سر پہ ہو سایہ تیرا خواجہ علوی دینور

واقفِ راہ جو نہ ہو سالک تیرے در پہ آکر — راہِ حق کا رہنما خواجہ علوی دینور

میرے مرشد میرے رہبر میرے ہادی میرے پیر — کر میری حاجت روا خواجہ علوی دینور

اندنوں ہے زورِ قصہ میری طبع ناگزیر — پار جلدی سے لگا خواجہ علوی دینور

رہبرِ راہِ ہدایت ہو نہ گم گشتہ راہ ہو — رہبرِ دو جگ رہنما خواجہ علوی دینور

اس حبیبِ چشتیہ پر رہ پیر زعین مردی

۸۵ دیدۂ رحمت ہو وا خواجہ علوی دینور ۶

کبھی ایسا تھی گلفام یکبار
شراب وصل کا دی جام یکبار

کلیجی تھام لون ای ماہ پیکر
جہان آجاوے تیرا نام یکبار

صبا کو چین او سکے جب نہ گذر ہو
یہی بھیجا ہے تو پیغام یکبار

بسیر بوستان ما را عذاب است
ندارم جز درت آرام یکبار

چھپا جب مہر دین حافظ جہاں سے
ہوئی دنیا میں کالی ری شام یکبار

۸۶ صبیب اس منھ پہ کیا لاف محبت ۷
ابھی پختہ تو ہو ای خام یکبار

در بدر کون پھر چھوڑ کی دلدار کا گھر
ہمکو کافی ہے فقط حافظ دیندار کا گھر

خوابمین آکا جو تشریف میرے پاس حضور
بنگیا رشک چمن مجھسی گنہگار کا گھر

اسقدر عشق تصور کی کھینچی خود تصویر
کہ بنا خانۂ دل مین میرے اوس یار کا گھر

ہم اگرچہ ہیں ضعیفی کو سر آ پہنچے
پھر بھلا جائیں کہاں چھوڑ کر گھر کا

اپنے مقصد کو یارو جو پہنچا چاہیے
چھوڑ دست پھر خدا سالک ہشیار کا

سیہ رو دیکھو نہیں پڑے عکس تیرے نکھو لگتا
چشم طلب بنی نرگس بیمار گھر

ای حبیب اگن ہو لگی تمھیں کیا پڑا
ہی شفاعت کے لیے احمد مختار کا گھر

الٰہی بحرمت شیخ المشائخ سلطان الزاہدین
قدوۃ العارفین حریق المحبت خواجہ فرید الحق
والدین مسعود گنج شکر اجودھنی
۸۷ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۱۶

مقتدای فخریان ہیں حضرت گنج شکر
پیشوای عارفان ہیں حضرت گنج شکر

حق کی حق رازدان ہیں حضرت گنج شکر
فیض بخش قدسیان ہیں حضرت گنج شکر

عاشقی اونکی طریقت میں خدا نے ختم کی ۔ بادشاہ عاشقاں ہیں حضرت گنج شکر

خسرو شیریں بیاں ہاں کیوں نہ شیریں ہوں لب ۔ ناطق شکر فشاں ہیں حضرت گنج شکر

ہند کے تو ہیں شہنشہ خواجہ ہند الولی ۔ خسرو ہندوستاں ہیں حضرت گنج شکر

جو در دولت سے نکلا آ گیا وہ خلد میں ۔ مرکزِ دار الامکاں ہیں حضرت گنج شکر

کوئی ظاہر میں نہیں ہیں سست کا ہی دستیاب ۔ دستگیرِ بیکساں ہیں حضرت گنج شکر

کیوں نہ ہو اونکی اشارہ میں شفاے دردمند ۔ چارۂ بیچارگاں ہیں حضرت گنج شکر

غم نہیں ہم بھی اپنے پر کبھی آ جائینگے ۔ ہادیٔ گمرہاں ہیں حضرت گنج شکر

جسنے کی اونکی غلامی واصلِ مولیٰ ہوا ۔ رہنماے طالباں ہیں حضرت گنج شکر

ہے مقولہ ہم سیہ رونکا یہ ہر شام و سحر ۔ آفتابِ عاصیاں ہیں حضرت گنج شکر

کو ظہور اونکی خوارق کا نہیں ظاہر ہاں مگر ۔ رازِ مخفی میں عیاں ہیں حضرت گنج شکر

سلسلے میں اونکے جو آیا اماں اوسکو ملی ۔ مخزنِ دار الاماں ہیں حضرت گنج شکر

ذرہ پرور ذرہ کو چمکا رہے ہیں جوں آفتاب
کس طرح ٹھکرا رہے ہیں حضرت گنج شکر

جا بجا میری حفاظت کیلئے رہتے ہیں ساتھ
جس جگہ میں ہوں وہاں ہیں حضرت گنج شکر

۸۸

مجھ غریب کے دلکو تا خدا کھینچینگے
اس محل کے درباں ہیں حضرت گنج شکر

۹

معین الدین کی ہے صورت علاؤ الدین علی صابر
فرید الدین کی ہے سیرت علاؤ الدین علی صابر

دیا اقبال وہ حقنے دیا اجلال وہ حق نے
لئے ہیں چشت کی دولت علاؤ الدین علی صابر

نظام الدین کا صدقہ نصیر الدین کا صدقہ
مجھے ملجائے کچھ حضرت علاؤ الدین علی صابر

جناب فخر دین نور محمد شہ سلیمان سے

مجھے دلوائیے نعمت علاؤ الدین علی صابر

تیرے پیران کلیر کو جو کوئی صدق سے جاوے

ملے کونین کی دولت علاؤ الدین علی صابر

بہت ہیں صاحب تلوین بہت ہیں صاحب تمکین

تمہارے در کے یا حضرت علاؤ الدین علی صابر

ذرا اب حال پر میرے عنایت کی نظر کیجے

تمہیں کو حق نے دی قدرت علاؤ الدین علی صابر

تمہارے مہر سے ہی آبرو ذرہ و قطرے کی

رکھو میری بھی اب عزت علاؤ الدین علی صابر

حبیب ناتوان خستہ دل کو پیر حافظ کی

عنایت کیجئے الفت علاؤ الدین علی صابر

دل زاہد کا حال ہی کچھ اور
وجد کرتی ہی یوں تو ساری جہان
گرچہ ہین نازنین خوش رفتار
گل گلشن ہین گرچہ تازہ رو

دلمین ہی کچھ تو قال ہی کچھ اور
چشتیاؤنکا حال ہی کچھ اور
سیر کی یوسف کی چال ہی کچھ اور
سیر گل کا جمال ہی کچھ اور

معنی وصل جانتے ہین سبھی
ای حبیب اتصال ہی کچھ اور

بابا شرف الدین چشتی دلکو میرے شاد کر
در پہ حاضر ہون حصول مدعا کیواسطے
پھہ عزل ہرگز نہین عرضی ہی میرے حال کی
خوجگان چشت کیخاطر سی یارب غفور

واسطے خواجہ نظام الدین کے آباد کر
از پے مشکل کشا جلدی میری امداد کر
دیکھکر رحمت سے اپنی آپکی ادپر صاد کر
آتش دوزخ کی گرمی سی مجھے آزاد کر

اس حبیب خستہ تن کو خوجگان کا عشق دے

۹۱	اور سگ کوی جناب شہ خیر آباد کر	۴

کیا ہی ساقی نے ہمکو بیخود شراب حدت پلا پلا کر

بنایا سینہ ہمارا بریان کباب الفت کھلا کھلا کر

ہوا ہون آشفتہ جان و دل سے حبیب حافظ کے نام پر مین

کٹے ہین ہند یکو دیکھو حیران وہ اپنی صورت دکھا دکھا کر

تماشا منظور تیلیو نکا جو ہو تو آنکھون مین آ دیکٹ پل

مکان ہی پر دیکا آ و بیٹھو نجاد آنکھین لڑا لڑا کر

یہہ کسنے دی تجھکو بار قتل حبیب کے قتل پر ہی مائل

۹۲ وجود ہی کشتہ نہ مارا اوسکو حسام ابرو دکھا دکھا کر

۸ بنایا مدہوش تجھے نے ساقی شراب الفت پلا پلا کر

کباب تجھنے تو کر دیا ہی دل و جگر کو جلا جلا کر

گلے مین پڑی ہی محبت سب کے تو قاضی مفتی ہی سر بسر بندہ

لٹا دیا دل سے نگینہ مین نے اسے آنکھین اڑا اڑا کر

نہو تو بے پروا اتنا ساقی قصور میرا معاف کر دے

بہت پریشان ہون ان دنون مین آ تو میری خبر رکھا

جو آیا محفل مین تیری ساقی وہ سبکو چھوڑا خود دیکھو بھولا

بہت سے استاد تھک گئے ہین کتابین اوسکو پڑھا پڑھا

نپوچھ احوال میرا ہمدم کہ شکر خلاق کر رہا ہون

وہ اپنے دفتر مین لکھ لیا ہی خط غلامی میرا لکھا کر

برنگ آئینہ محو حیرت ہوا ہی سکتے کا مجسمہ عالم

کچھ کسنے دیوانہ کر دیا ہی جمال اپنا دکھا دکھا کر

جہانکی چھانی ہی خاک مینے ہوا ہون برباد غم مین سب سے

جو آبرو تونی دی ہے ساقی بگاڑ یون نہ بنا بنا کر

حبیب مانند اشکِ دیدہ گرا ہے چشمِ جہان سے یکسر
تو ہی ہے منظورِ چشمِ بینا نظر براہِ کرم کیا کر

صورتِ معنی سے ہے کچھ اور
صورتِ جانی سے ہے کچھ اور

پیری کا ہے عشقِ ضعیف
عشقِ جوانی سے ہے کچھ اور

وقوفِ قلبی ہر دم
دردِ زبانی سے ہے کچھ اور

دام مین ہین ہم صورت کی
نقشِ معانی سے ہے کچھ اور

جذب سے کے یاوہ عینِ فصیح
ہرزہ بیانی سے ہے کچھ اور

ذات سے کب ہے جدا صفات
وصلتِ جانی سے ہے کچھ اور

گرچہ ہین دلبر یہ میرا
دلبر جانی سے ہے کچھ اور

قصہ جدا ہے مجنون کا
اپنی کہانی سے ہے کچھ اور

تشنہ دہن کہتی ہے جہان
تشنہ دہانی ہے کچھ اور

روحی سری اخفی کر
ذکر لسانی ہے کچھ اور

اہل فنا کو باقی جان
شیخ فانی ہے کچھ اور

۹۳

نشان حبیب اُسکا نہ پتا
اُسکی نشانی ہے کچھ اور

۴

یا میرے مرشد یا میرے مولا یا میرے حافظ یا میرے پیر

میں ہوں تمہارا میں ہوں تمہارا یا میرے حافظ یا میرے پیر

یا شیخ میرا حال حزین ہے تیرے سوا کوئی نہیں ہے

چشم ترحم مجھ پہ خدارا یا میرے حافظ یا میرے پیر

تم چارہ ساز بیچارگان ہو تم دستگیر درماندگان ہو

تیری کرم کا مجھکو سہارا یا میرے حافظ یا میرے پیر

میں ہوں تمہارے در کا کمینہ دیکھو نہ ڈوبے میرا سفینہ
عاجز حبیب خستہ تمہارا ہے اسیر خاطر یا شہ پیر

ردیف زاء معجمہ

آگہی بحرمت شیخ المشائخ حضرت سید ابو الفتح
بندہ نواز سید محمد یوسف حسینی گیسو دراز صاحب چشتی

۹۵ رضی اللہ تعالی عنہ ۱۱

خواجۂ خواجگان ہے بندہ نواز
مرشد مرشدان ہے بندہ نواز

رہبر سالکان ہے بندہ نواز
فیض بخش جہان ہے بندہ نواز

ہم مریدونکو خوف محشر کیا
شافع عاصیان ہے بندہ نواز

خواجہ بو الفتح سید ابرار
بادشاہ جہان ہے بندہ نواز

حاجب عرض کیا کہ مقصد دل
تجھ پہ یک یک عیان ہے بندہ نواز

بحر احسان میں آپکے غوص
جسم کیا بلکہ جان ہی بندہ نواز

ہم بھی پائینگے راہ سیت اللہ
ہادی گمرہان ہی بندہ نواز

مرحبا زینت در و والا
برتر از آسمان ہی بندہ نواز

ماسوی اللہ ذات پاک تمیز
سب بجھ وہم و گمان ہی بندہ نواز

بطفیل جناب حافظ دین
ہمپہ کیا مہربان ہی بندہ نواز

۹۶ — خوان نعمت سے کچھہ حبیب کو دو — ۸
بیکا داربان سے بندہ نواز

بادشاہ عاشقین ہی حضرت گیسو دراز
تاج بخش عارفین ہی حضرت گیسو دراز

وقت نزع ہوگا اس حسرت کا علاج
رہنمای سالکین ہی حضرت گیسو دراز

کرتی ہیں پیدہ نوازی یہ گدا و شاہ
کچھہ فقط اک ہم نہیں ہی حضرت گیسو دراز

ظاہر اکثر تہین ہیں باطن میں حد تکا ظہور
برملا خلوت نشین ہی حضرت گیسو دراز

کرتی ہین آکر ملائک آنکو جسکا طواف
یہہ شرف کسکی جبین کا ہی حضرت گیسو دراز

نام ہمنام محمد ہی شبیہ مرتضی
مصطفی کا جانشین ہی حضرت گیسو دراز

تھا جو کعبہ گیسو تیرے باعث گلگونہ بنا
رشک فردوس برین ہی حضرت گیسو دراز

٩٧

رحم کر جلدی حبیب کبریا کے حال پر
وہ تیری در کا کمین ہی حضرت گیسو دراز

١١

مین بیقرار ہون مجھکو نہین قرار ہنوز
کسیکی تیر نظر سے ہی دل فگار ہنوز

بھرا ہی آنکھون مین نور رخ نگار ہنوز
کہ وہی گل بھی کھٹکتا ہی مثل خار ہنوز

گیا جو دیر و حرم مین تو تجھی نظر آیا
چمن مین اپنی دکھتی ہی وہی بہار ہنوز

غم فراق مین کاٹی ہین ہمنی سو سال
امید وصل کا رہتا ہی انتظار ہنوز

تمھارے کاکل پیچان کا سر مین سودا ہی
برنگ زلف جو برہم ہی روزگار ہنوز

نظر نہ آیا زمانے مین خوبرو تجھسا
نہ وضع مین کوئی ایسا نہ طرحدار ہنوز

کہین قرار نہ آیا یہ دلکو کیا کیجے
مین پھر رہا ہون سوے دشت و کوہسار ہنوز

مین چاہ مین کسی یوسف کے خوب ڈوبا ہون
کہ مثل ابر گہر آنکھین ہین اشکبار ہنوز

شب فراق مین کیا کاشتہ شراب ہی ہین
کہ روز وصل کا موجود ہی خمار ہنوز

عنایت ایسی ہی ہی اودن کی ناز مگر
بشکل بید لرزتے ہی خاکسار ہنوز

۹۸

حبیب جامی ہین حافظ ہر ایک سے کل مین
ہی امید تو اپنی ہی غمگسار ہنوز

۶

ظاہر ابر مین قبا لیکن ہی عریانی ہنوز
رشتۂ ہستی ہی قایم مین نہین فانی ہنوز

موج ہستی نی حباب ایسا اگر پھینکا اوسی
بر اوسی بحر عنایت کی ہی طغیانی ہنوز

ہی عیان عین ثابت مین ہماری ہی صورت
ہی وہ شہ رگ سی قرین ہی اے نادانی ہنوز

غیب سے تا سوے ناسوت آئے تو بھی ہی رہ
وہ صنم کیا کر رہا ہی اپنی پہچانی ہنوز

انہ کان ظلوما جہولا کہدیا
اسلئے تقدیر کی ہی ثبت نادانی ہنوز

۹۹ — ۱۱

خاکساری کی حبیب الہی سگِ در بن گیا
اوسکے کوچہ کی نہین ملتی ہی دربانی ہنوز

خواجہ بندہ نواز گیسو دراز
خواجہ گیسو دراز بندہ نواز

اہلِ حق کا یہی مقولہ ہے
تجھپہ روشن ہی حقکا راز و نیاز

تم ہو معشوق تمکو زیبا ہی
حق تعالےٰ سے کر رہے ہو ناز

خواجہ ما نصیر دین محمود
مین ہون بندہ کمینہ اونکا ایاز

مجھسے بیعت کئی ہین جو عاصی
دیجیے یا شیخ اونکو سوز و گداز

آل و اولاد کو یہ عاصی کے
دیجے توفیقِ روزہ و نماز

اوس گھڑی وصل ہو حضوری ہو
روح جب میرے تن سے ہو پرواز

تم سوا کون لے خبر میری
کس سے بولون مین اپنے دلکا راز

جن و انسان تیرے روضے مین
محوِ منت ہین اور مستِ نیاز

ناخدا آپ ہو بڑے خدا | کیجئے پار جلد میرا جہاز

اس حبیب کمین پہ کیجے رحم
خواجہ بندہ نواز گیسودراز

ردیف سین مہملہ

الٰہی بحرمت شیخ المشائخ سلطان العاشقین رئیس المعشوقین حضرت خواجہ یمین الدین امیر خسرو دہلوی چشتی رضی اللہ تعالیٰ

۱۰۰ | عنہ | ۵

ہے نام تیرا احمد کا سہ لیس | حاضر ہوئی رہ پاک میں چھپکر دیں
ای خسرو خوبان جہان ترک اللہ | کر شاں مجھے دیکھے فقیر رکھیں
ابھی وہ پہ لڑکپن ہی ضعیفی آئی | یہاں تک کہ سفید ہو گئی کیس

خواہش تجھے جنت کی نہوگی زاہد | لگ جاوے اگر دلمین ترے عشق کی ٹھیس

١٠١

دیوانہ و دلدادہ نہین ایک حبیبا
اورغیرت لیلے تیری ہین لاکھون قیس

١٤٠

ردیف ضاد معجمہ

صوفیون کا پیشوا خواجہ فضیل ابن عیاض
عارفون کا مقتدا خواجہ فضیل ابن عیاض

سرور کل اولیا تجھکو خدا نے کردیا
اور کل کا رہنما خواجہ فضیل ابن عیاض

ہوتی ہے حاجت روائی اور حل مشکلات
با وضو جسنے پڑھا خواجہ فضیل ابن عیاض

ادہمی دیکھو ہے میری ور چشتی خاندان
آپ سے ظاہر ہوا خواجہ فضیل ابن عیاض

راہ کو بھولی بھٹکتا پھر رہا ہون اندنون
رستہ مجھکو بتا خواجہ فضیل ابن عیاض

زندہ دنیا مین مجھے رکھہ سرخرو با آبرو
رنج اور غمسے بچا خواجہ فضیل ابن عیاض

آگئی ہے ناؤ میری اندنون طوفان مین
پار جلدی سے لگا خواجہ فضیل ابن عیاض

رحم کر مجھ پر طفیلِ عبدِ واحد ابن زید
آپکا ہوں آپکا خواجہ فضیل ابن عیاض

آپکے در سے ہیں چشتی نظامی فخر سے
تم ہو سبکی بادشا خواجہ فضیل ابن عیاض

وجد کرتے ہیں جو اہلِ چشت دیتے ہیں سماع
فیض ہی یہ آپکا خواجہ فضیل ابن عیاض

درد و غم رنج و الم ہیں ناتوانی بے سبب
دفع کر سب سے بلا خواجہ فضیل ابن عیاض

در پہ حاضر ہوں تیری جنت کی جا رونے کیلئے
کر میسر جنت کی جا خواجہ فضیل ابن عیاض

گر گرے کوئی بھی سنبھل جاتا ہوں انکا نام لے
ہے ضعیفوں کا عصا خواجہ فضیل ابن عیاض

٦

ہے حبیب کمترین عاجز تیرے گھر کا غلام
اور سگِ در ہوں تیرا خواجہ فضیل ابن عیاض

١٠٣

قدوۂ سالکاں ہیں خواجہ فضیل ابن عیاض
مرشدِ انس و جاں ہیں خواجہ فضیل ابن عیاض

ہادیٔ دو جہاں ہیں خواجہ فضیل ابن عیاض
رہبرِ طالباں ہیں خواجہ فضیل ابن عیاض

لیکو زمیں سے تا فلک جن و بشر سے تا ملک
آپکے مدح خواں ہیں خواجہ فضیل ابن عیاض

مثل فلک ہین خندہ زن گلی ہی نہ گفتگو
ہمیشہ چھپا ہین جہان خواجہ فضیل بن عیاض

عشق کی راہ مین مجھے خوف کسی طرح نہین
حافظ دو جہان مین خواجہ فضیل بن عیاض

خوف نہ کر حبیب تو دونو جہان مین خوش رہو
تیری نگاہبان ہین خواجہ فضیل بن عیاض

۱۰۳ ردیف ظاء معجمہ ۲۴

رحمے بھر مصطفےٰ حافظ
کرمے بھر مرتضےٰ حافظ

بادشاہون کا بادشاہ حافظ
اولیاؤن کا پیشوا حافظ

چین و آرام اب نہین مطلق
کر مدد میری جلد یا حافظ

چھوڑ در آپکا کہان جاؤن
کون ہے آپکے سوا حافظ

شہ سلیمان کے تصدق سے
میری بر آئے مدعا حافظ

کیجیے جلد رستگار مجھے
قید غم مین ہون مبتلا حافظ

وہی ہوویگا وہ ہی ہوویگا جسمین ہو آپ کی رضا حافظ

سنگ در تیرا ہمکو پارس ہے خاک کوچہ کی کیمیا حافظ

کس مین طاقت ہے جو بجا لیوے اس مصیبت مین تجھسوا حافظ

صبر مطلق نہین قرار نہین سخت مضطر ہے دل میرا حافظ

بھیک ملجاے ہم فقیرون کو آپکے در سے کچھہ بھی یا حافظ

زاہد از زہد پر نہ نازان ہو مجھہ گنہگار کا خدا حافظ

کس سے بر آئیگی بغیر تیرے ہم غریبون کی مدعا حافظ

اس بلا مین ہین قید ہون مطلق جلد آکر سنے مجھے چھوڑا حافظ

اندنون ہمپہ جو گذرتی ہی جا کرین کس سی التجا حافظ

آپکے در کا ہم فقیرون کو فرش مسند ہی بوریا حافظ

فیض والا سے ہو گئے کتنے صوفی و رند و بانوا حافظ

ساز برگ سفر کرے یکسر
مجھ پہ اوتری ہی جو بلا حافظ

دُرِ ایمان و جان و عزت و تن
نذر ہین تیرے کر دیا حافظ

بادشاہون پہ فخر رکھتا ہی
تیرے کوچہ کا ہر گدا حافظ

خیر آباد سنے برائے خدا
بخشد تجھے میری خطا حافظ

آبرو سینے تجھکو سونپا ہی
ہر طرح سے مجھے بچا حافظ

ضعف سے ہو گیا ہون زار و نزار
دردِ دل کی کرو دوا حافظ

۱۰۴ — دو جہان مین حبیب تیری لئے
پیر و مرشد ہے رہنما حافظ — ۱۲

دو جہان مین ہے ہمین تیرا سہارا حافظ
نہین اس در کے سوا کوئی ہمارا حافظ

آپ لے آئے ہین تشریف مدد کو اسکی
صدقِ دل سے جو کوئی تمکو پکارا حافظ

شاہ ساکا کل مشکل مین پھنسا ہون یکسر
بس بسر سر پہ میرے چل ہمارا حافظ

فوجِ غم نے مجھے ہر سمت سے آگھیرا ہے
کیجے یاری کہ نہیں جنگ کا یارا حافظ

تجکو ایسا تھا گھمنڈ خود بینی ہے عبادت کا
دو جہان میں ہے خدا دیکھہ تمہارا حافظ

خیر آبا کا رہتا ہے بہت دلمین خیال
پھر خوشی سے تو بتا مجھکو سہارا حافظ

چین و آرام نہیں عقل نہیں ہوش نہیں
اب نہیں ہے مجھے دم لینے کا یارا حافظ

اوج پہ لائے اوسے کیجیے کبھی سر روشن
اندنوں پست ہے اب میرا ستارا حافظ

نام سنتے ہی نہ عشاق ہو کیون رقص کنان
نام ہے آپکا از بسکہ پیارا حافظ

شب انیسوین ذیقعد کی افسوس دلا
کر کے غافل ہمین دنیا سے سدہارا حافظ

درِ مقصود سے پھر کی اوسے محفوظ کیا
جسنے دامن ترا کوچہ مین پسارا حافظ

١٠٥ ١٥

حل مشکل کو حبیب جگر افگار کا ہے
ورد ہے صبح و مسا نام تمہارا حافظ

آگہی جلد ہو اب مجھپہ مہربان حافظ
بہت دن سے ہے دل الم سے ہوں ناتوان حافظ

اثر نہ دیکھا در ہم نے اپنے رونے میں
کہاں اثر ہے کہیں ان میں نالہ و فغان حافظ

یہ التجا ہے کہ میں ہوں لباس وہ ملبوس
مقیم جامہ تن میں ہے میری جان حافظ

بحقِ نورِ نبی فخر دین سلیمان کی
ہمارا ہے یہ دلِ داغ رنگین ہے شادمان حافظ

ہو جب سے آپ خفا کُل ہوئے ہیں دشمن جان
جو آپ مہر کریں کل ہوں مہربان حافظ

اب اس سے بہتر ہے مجھے تنگ چھوڑ دیجو
پھنسا دیا مجھے قسمت نے ناکہاں حافظ

تمہارے لطف و عنایات کیا بیان کروں
نہیں ہے مجھ میں ذرا طاقت بیان حافظ

تری گلی ہے مجھے رشکِ جنتِ اعلےٰ
میں کیا کرونگا بھلا سیر بوستان حافظ

کب سنیگا تو خاطر میں ہے سی رند و
ہزار گرچہ کریں پند ناصحان حافظ

جدا نہیں مجھ سے گوارا کہاں ہے خضر نکو
جدھر میں رہتا ہوں رہتے ہیں وہیں جان حافظ

چو ذات پیر کہ مشاطہ مرید نیست
جدا ہے آپ کے اور میرے درمیان حافظ

تمام مشکلیں آسان میری ہو جائیں
جو دیکھیں چشم ترحم سے یکزمان حافظ

تمام عمر گذاری تیری غلامی مین — در جناب سوا جاؤن کہان حافظ

حبیب کی یہ تمنا ہر روز محشر کے — اٹھون لحد سے تو بولی میری زبان حافظ

١٠٦

گلا مین طوق محبت ہو پاؤن مین زنجیر

تمہارے سامنے لاوین کشان کشان حافظ

٨

پیہ ہمارا حافظ حافظ — حق کا پیارا حافظ حافظ

ورد زبان ہی ہر دم اپنے — نام تمہارا حافظ حافظ

کشتی ہماری پار لگاؤ — ہون بے کنارا حافظ حافظ

دونون جہان ہین ہم عاجز تمہیں — تیرا سہارا حافظ حافظ

نسبت بہت ہی اوج پہ لاؤ — میرا ستارا حافظ حافظ

آباد کیجے دل شاد کیجے — غم کا ہون مارا حافظ حافظ

تیرے کہاں کس در جاوین — کون ہمارا حافظ حافظ

۹ — ۱۰۷

اپنے حبیب خستہ کہین کو
دیکھہ خدارا حافظ حافظ

آصف شہر سلیمان حافظ — حسن مین یوسف دوران حافظ

جان قدمون پہ تمہارے نکلے — دلمین ہے میری یہ ارمان حافظ

در مقصود سے دامن ہوا پُر — جسنے پکڑا تیرا دامان حافظ

دیر و کعبہ سے نہین ہے مطلب — میرا مذہب میرا ایمان حافظ

ایک میری جانکی حقیقت کیا ہے — لاکھہ جان تجھپہ ہے قربان حافظ

دل بیمار ہے ازبس مضطر — درد دل کی کرو درمان حافظ

فخر دین نور محمد کی طفیل — میری مشکل کرو آسان حافظ

شانہ بھی نہو ہے وقت مدد — زلف سا ہون مین پریشان حافظ

غم نکر تیرے حبیب نالان

۱۰۸ فخرِ دین نور سلیمان حافظ ۷

غوث زمان ہی حافظ حافظ
قطب زمان ہی حافظ حافظ

نام نگینِ دل پہ کھدا ہے
وردِ زبان ہی حافظ حافظ

مست ہوا ہون اپنا مین جب سے
پیرِ مغان ہی حافظ حافظ

عالم آبِ وصلت کے
تشنہ دہان ہی حافظ حافظ

جیسے نہان ہی گل مین بو
جسم مین جان ہی حافظ حافظ

نام ہے اونکا وردِ زبان
دل مین نہان ہی حافظ حافظ

۱۰۹ اپنے حبیب خستہ کمین کا
فخرِ جہان ہے حافظ حافظ ۸

ہمارا حرزِ جان ہو نامِ حافظ
یہی چہتے ہین ہم اکرام حافظ

قیامت تک ہمارے سلسلے کو
سے بٹے گا حشر مین انعامِ حافظ

مسیحا مجکو زندہ کیجیے گا
پلا کر تازہ تریک جام حافظ

یہہ کس صیاد کی صیادیان ہین
بچھای شش جہت مین دام حافظ

خدا کا دوست ہے محبوب اوسکا
عجب نام خدا ہے نام حافظ

مریدون کو نہین ہوتی ہے سکرات
یہ یک ادنیٰ ہے فیض جام حافظ

اوسیکے واسطے ہے چتر شاہی
جو آیا سر سے زیر بام حافظ

۱۱۰

تصدق ہون حبیب اوسپیک پرین
کہ جسنے لادیا پیغام حافظ

۲

مین ہون تمھارا مین ہون تمھارا یا پیر حافظ یا پیر حافظ
کیجے نہ اس بحر غم سی کنارا یا پیر حافظ یا پیر حافظ
مین بینوا ہون بیدست و پا ہون اے دستگیر بیدست و پایان
تیری کرم کا مجھکو سہارا یا پیر حافظ یا پیر حافظ

میں ہوں بت نفس کی اب پوجا نہیں مجھ سے بس سر پہ ہماکے

بہت کیجئے بس کہ اب آس ہے خدارا یا پیر حافظ یا پیر حافظ

مسکین حبیب خستہ کمین ہے شاہا دست کوئی نہیں ہے

۱۱۱ — ۲ وہ ہے تمہارا وہ ہے تمہارا یا پیر حافظ یا پیر حافظ

تمہاری مہربانی رنگ ہے جسمانی حافظ

ہماری جان و ایمان تم پہ ہے قربان حافظ

زبان قاصر ہے میری آپ کے احسان شاہا

ہر ایک مشکل میری کر دی ہے تم آسان یا حافظ

نہیں ہے چتر شاہی کی ذری میں میری خواہش

ہو سر پر سایۂ فگن آپ کا دامان یا حافظ

تمہارا نام ہے نام خدا حلال ہر مشکل

تمھاری شان سی شانِ خدا کیا شان یا حافظ

سما مُردی تن نہ تن یہ جو مین نئی زندگی آئی

کہ تن بیجان سے آجاؤ تمھیں ہو جان یا حافظ

کیا خالی حبیبِ خستہ تن نی خلوتِ دل کو

ہماری خلوتِ دل میں ہو مہمان یا حافظ

رشتہ نوسِ کتاب ہے اُٹھا دو حافظ

صورتِ پاک ذرا مجھکو دکھا دی حافظ

غیر کا دل میں نہ آئے میری اب وہم و خیال

غیرت کو میری اب دل سے بُھلا دی حافظ

ہون مین سرگشتہ تیری زلفِ سیہ کا ہر شب

اپنے دیوانے کو زنجیر پنہا دی حافظ

مہر سا کیون نہ میرا اخترِ قسمت چمکے
بختِ خوابیدہ کو گر دست جگا دے حافظ

حرفِ تخییل جہان از رہِ الطاف و کرم
لوحِ دل سے میرے اب صاف مٹا دے حافظ

سحد پاش سی اولٹا کے غلافِ زرین
حشر برپا ہو جو صورت کو دکھا دے حافظ

زنگ آلودہ ہے مراتِ حبیبِ حیران
عینِ الطاف سے یکبار جلا دے حافظ

مین ہون تمھارا یا حافظ
دیکھو خدا را یا حافظ

دونون جہان مین تیرے سوا
کون ہے میرا یا حافظ

کرتے ہین اوسکی آپ مدد
جسنے پکارا یا حافظ

خستہ حالی میری تمھین | کیون سے ہے گوارا یا حافظ
مثل شانہ چلتا ہے | سر پر آرا یا حافظ
بہر شفاے بیماران | ست کیجے اشارا یا حافظ
تیرے کہا کی جائین کہان | کون ہمارا یا حافظ
چرخ نہ دے چمکا دی ذرا | میرا ستارا یا حافظ
ادھم تیری ہجر نے بس | ہمکو مارا یا حافظ
تیرے سوا کس جا بھی نہین | ہمکو سہارا یا حافظ
جسکا نہین ہے کوئی شفیق | وہ ہے تمھارا یا حافظ
خانۂ دل آباد کرو | تم ہو دل آرا یا حافظ

لب پہ ہے جانِ خستہ حبیب
کر نہ کنارا یا حافظ

اے جنون کچھ لیا حسن لیلیٰ نے تو حافظ
پھر نہ آیا کوئی نظر دنیا میں سوا حافظ

یک کرشمہ میں کرے دعوا نہ مجنون کا
جبکہ جلوہ تا کسی لیلیٰ کو دکھاؤ حافظ

تاب خورشید قیامت سے اُدھر کیں بڑا
حشر میں ہوویگے جو زیر لوای حافظ

سامنے میرے دو آیا او سے حافظ سمجھا
بات جسنے نہ کیا آئی سمجھ حافظ

آنکھ کی نور کو کہتا ہوں جو میں تو خدا
پتلیوں میں میرے آنکھوں کی ہے جا حافظ

مرحبا صلِّ علیٰ کہتے ہوئی دوڑونگا
نظر آئیگی جو محشر میں لقا حافظ

۱۱۵

خوانِ نعمت سے کیا سیر مجھے حبیب
ہو نہیں مشہور سکتہ نہ ربای حافظ

۹

کوئی پہنچا دے ہمکو سوے حافظ
ہے قبلہ عاشقوں کا کوی حافظ

کروں سجدہ سمجھکر قبلہ جان
ہے محراب حرم ابروے حافظ

کریں مردہ دلونکو دم میں زندہ
دو چشم نرگسین جادوی حافظ

معطر ہو دماغ اہلِ دلون کا
وہ پھولو نہین پھولو نہین پائدان

ہے مشک عنبرین گیسوی حافظ
اگر تربت مین آئے بوی حافظ

تجلی دمبدم رب کی ہے ہردم
یہی اے دل دعا اور مدعا ہے

کلام حق کی صورت روئے حافظ
خدا دکھلائے ہمکو روی حافظ

ہے قد قامت مین قامت کا تصور
قیامت قامتِ دلجوی حافظ

۱۱۶ — ۷

نہال باغ دل اب خشک تر ہے
جیبا کیجے جست جوی حافظ

اپنا بنالو یا پیر حافظ
مجھکو سنبھالو یا پیر حافظ

دنیا و دین کی کل آفتون کو
تم سر سے ٹالو یا پیر حافظ

بوڈھا ہوا ہون در پر پڑا ہون
گھر مین بلالو یا پیر حافظ

سرمے کے بدلے خاک قدم کو
انکھون مین ڈالو یا پیر حافظ

رب دوست مجھسی روٹھی ہوئی ہین
اون کو منا لو یا پیر حافظ
حرص و ہوا کو جلدی ہمارے
دل سے نکالو یا پیر حافظ

عاجز حبیب خستہ کی دل مین
گھر ہی بنا لو یا پیر حافظ

۱۱۷ ۱۵

جلوہ دکھاؤ یا پیر حافظ
رب سے ملاؤ یا پیر حافظ
آنکھوں مین آؤ یا پیر حافظ
مجھہ مین سماؤ یا پیر حافظ
خواجہ سلیمان اور فخر دین کا
صدقہ دلاؤ یا پیر حافظ
اپنا تصور آنکھوں مین میری
جلدی جماؤ یا پیر حافظ
کبر و رعونت حرص و ہوا کو
دل سے مٹاؤ یا پیر حافظ
تن کی مکان مین تم آکی بیٹھو
گھر سے نکالو یا پیر حافظ
اپنے کتابی رد کا سبق کچھہ
ہمکو پڑھاؤ یا پیر حافظ

رو تون کو اپنی صورت دکھا کے
جلدی ہنساؤ یا پیر حافظ

آنکھون مین میری خاک قدم کا
سرمہ لگاؤ یا پیر حافظ

دنیا و دین کی کل آفتون سے
ہمکو بچاؤ یا پیر حافظ

مین ہون سراسر مشتاق صورت
مجھہ مین در آؤ یا پیر حافظ

اپنی گلی کا کتا بنا کے
در پر بٹھاؤ یا پیر حافظ

سب دوست میرے روٹھے ہوئے ہین
ادن کو مناؤ یا پیر حافظ

حاضر ہمارا ہی خانۂ دل
تشریف لاؤ یا پیر حافظ

عاجز حبیب خستہ کو اپنے
صورت دکھاؤ یا پیر حافظ

۱۱۸ ردیف عین مہملہ ۱۰

بلند مرتبہ رکھتی ہین عاشقان سماع
ہی گرم چشتیون کے بازار مین ذکر سماع

زمانہ میں کہاں کر اخوان کی ہے شرط ابدال
رہے ہاں کوئی بھی غیبا در میان سماع

اگرچہ تو زاہد و عابد ہیں سکیروں لیکن
بہت ہی کم ہیں یہاں نہیں قدرداں سماع

سو گتھیں ہیں کہ بہتر سماع ہا جم ہے
تھے فن عشق کے استاد عین جان سماع

سماع میں قرب و حضوری نماز میں ہے حجاب
یہ جان تو نکتہ در پردہ عارفان سماع

تو الست کی خو پوربی میں ہی ہے
ذرا تو کیجئے انصاف منکران سماع

بغیر سلسلۂ چشتیہ نشستہ دار ہے بہشت
بتاؤ کون ہے دنیا میں قدرداں سماع

ادھر حضوری ہے غفلت نہیں ہے بالکل
ہیں میں ہشیار صوفیان سماع

یہ فخر نعی رسی سلیمانی فخر حبشی
ہیں بادہ نوشی میں ہشیار سرگران سماع

الٰہی بندہ عاجز حبیب کبریٰ کی
دعا ہے جان بھی نکلے تو درمیان سماع

ردیف فا

آلٰہی بحرمت شیخ المشائخ خواجہ مخدوم حاجی شریف زندنی چشتی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۱۱۹ ۱۲

عاشقوں کا مقصد ہے خواجہ حاجی شریف
عارفوں کا پیشوا ہے خواجہ حاجی شریف

غم نہیں دشت بلا میں ہوں اگر سرگرداں
کیونکہ میرا رہنما ہے خواجہ حاجی شریف

مشکلیں آسان ہیں یکسر گرانی دور ہے
تو میرا مشکل کشا ہے خواجہ حاجی شریف

کب فقیروں کو ہے پروا بادشاہی کی ہوس
نام تیرا کیمیا ہے خواجہ حاجی شریف

نام ہی آپکا مرض وبا کی واسطے
کیا ہی قانون شفا ہے خواجہ حاجی شریف

کچھ تصدق خواجہ مودود کا دلوائے
بھیک بھیکا کی آگے دھرا ہے خواجہ حاجی شریف

وقت مشکل جو تمہارا نام لالی لیا
اوسکی سب حاجت روا ہے خواجہ حاجی شریف

دست بستہ اپنی عرض حاجت کیلئے
آیا ہر شاہ و گدا ہے خواجہ حاجی شریف

انکا کو چہ حقیقت مین ہی یک دار الشفا
کیون نہو حج در بدر مانند زر
کیون نہو بیما الفت کو اشارت مین شفا

درد کی اپنی دوا ہی خواجہ حاجی شریف
خاک در کی کیمیا ہے خواجہ حاجی شریف
درد مندونکی دوا ہی خواجہ حاجی شریف

ہی حبیبت مین یہ رحم محبوبی زیاد
کون سکتا تجھسوا ہے خواجہ حاجی شریف

وجہ تسمیہ اجمیر شریف کی یہہ ہے کہ آجا نام ایک راجہ کا
تھا راجہاے ہندستان سے ۔ حد غزنین تک کا
ملک بیچ اپنے علاقے کے لایا تھا ۔ اور میر بیچ زبان
ہندی کے پہاڑ کو کہتے ہین ۔ اور دوسری وجہ تسمیہ
اجمیر کی یہہ ہے کہ آجا آفتاب کو کہتے ہین اور میر پہاڑ کو

ای خدا جلد دکھا حضرت اجمیر شریف
کیونکہ یا من ہے میرا حضرت اجمیر شریف

قاصدا پھر خدا حضرت اجمیر شریف
کہہ دے پیغام میرا حضرت اجمیر شریف

پیر چشتی مجھے تو اپنی زیارت کے لئے
جلد در پہ بلا حضرت اجمیر شریف

اولیا سارے براتی میرا خواجہ دولہا
جا کے پھولوں میں بسا حضرت اجمیر شریف

وجد میں اہل صفا رند ہیں ہاں رقص کناں
ہے عجب ذوق غنا حضرت اجمیر شریف

سجدہ کرنا ہے سر جانب سے در خواجہ
قاصدا شوق سے جا حضرت اجمیر شریف

آنکھ اندھے کو ملی بانجھ نے بچہ پایا
کوڑھ کوڑھی کا گیا حضرت اجمیر شریف

قبر میں بیٹھ کے عالم پہ حکومت کر لی
یہ تصرف ہے نیا حضرت اجمیر شریف

پاتے ہیں دل کی مرادیں سبھی اپنی اپنی
آ کے شاہ و گدا حضرت اجمیر شریف

دل میں ہے شوق زیارت سے لبریز خواجہ
ورد ہے صبح و مسا حضرت اجمیر شریف

قاصدا حال دل زار مفصل سارا
عرض کر جا کے ذرا حضرت اجمیر شریف

باغ امید ہار ادس بحر کرم سی تازہ | کوئی خالی نہ پھرا حضرت اجمیر شریف

یہاں سنتا ہی حبیب جگا دیگا تو سحر
یا محمد جلد دکھا حضرت اجمیر شریف

ہی سجدہ گاہِ عاشقان ابروی جانان کیطرف
کیونکر نہ یکسر دل کھنچے زلفِ پریشان کیطرف

ادس رشک لیلی کے لئی کیون دل بھٹکتا ہی مرا
مجنون کی صورت دہونڈتی کوہ و بیابان کیطرف

یہان خفتگانِ خاک سب باہم ہوئی زیر و زبر
ادسکا گذر جب ہوگیا شہرِ خموشان کیطرف

بیٹھے ہوئے ہین یاد مین ادس غیرتِ گلشن کی ہم
باغ ارم نہ جائینگے نہ باغ رضوان کیطرف

حاجت روائی کے لئے اب تو حبیبِ خستہ جان
توسہ کو جانا چاہئے خواجہ سلیمان کی طرف

۱۲۲ ردیف قاف ۷

دلکو ہوا جو حافظِ ہر دو سرا کا عشق
پیدا ہوا اوس عشق سے خیر الوریٰ کا عشق

اسرارِ معنوی کی جو منزل تھی طے ہوئی
رہبر ہوا جو مرشدِ حق رہنما کا عشق

کیونکر نہ ہوئی حشر میں باعث نجات کا
سلطانِ دین امیر عرب مرتضیٰ کا عشق

زاہد نہ بت پرستی سے مانع ہو زینہار
بیشک بتوں سے ہمکو ہوا ہے خدا کا عشق

دنیا میں اور گرمی بازارِ حشر میں
سایہ فگن ہے دامن آلِ عبا کا عشق

جنت کی ہووے زاہد خود کام کو ہوس
دلمیں ہے میرے گلرخ رنگین ادا کا عشق

محبوب بنکے آپ ہی بیٹھا ہے اے حبیب
حاصل ہوا جو مرشد اللہ نما کا عشق

۱۲۳ ۶

ردیف کاف

۲۳ — ۹

لاکھوں ہا پابند محبت میں پھنسا ہے ایک
ہر طرح سب کا معین اور مددگار ہے ایک

ساقیا جام مئے وصل سے کر دے مدہوش
تیرے کوچے میں کھڑا طالب دیدار ہے ایک

سرِ مو فرق جدا اور حقیقت میں نہیں
غور سے دیکھیے تو عشق کا بازار ہے ایک

لفظ میں گرچہ تفاوت ہے دو معنی میں نہیں
مسجد و دیر و حرم کوچۂ دلدار ہے ایک

دو نہیں ہے تو سمجھ لے یہ کنایہ نزدیک
زاہد گوشہ نشین صاحب زنار ہے ایک

اور سب توشۂ دلہا کا تو لٹے جاتے ہیں
پر حبیب دل آشفتہ گنہگار ہے ایک

ردیف لام

۲۴ — ۹

خدایا مجھے کر فدائے رسول
بر آئے رسول اے رہبر اے رسول

مدینے میں مدفن ہو میرا خدا
مجھے اپنی صورت دکھا دے رسول

الٰھی نہ آئے نظر دوسرا
میری چشم دل مین سوا رسول

ابو البشر سی لیکر تا نفخ صور
سبھی ہونگی زیر لواے رسول

پکارینگے محشر مین یہ دوزخی
کہ دیکھو چھوڑ کر آؤ رسول

لحد مین نکیرین سے کیا ہے ڈر
اگر صورت اپنی دکھائی رسول

مین آنکھین ملوں سجدے کرون
ملے گر مجھے نقش پاے رسول

میرے پیر و مرشد میرے رہنما
کہ ہند اولی ہین عطاے رسول

۱۲۵ جہنم ہو مجھپر حرام اے حبیب
اگر خوابمین میرے آئے رسول ۹

مدینے مین ہمکو بلاؤ رسول
ہمین اپنا روضہ دکھاؤ رسول

علی کے لئے فاطمہ کے لئے
میرے گھر مین تشریف لاؤ رسول

لحد مین نکیرین کے روبرو
مجھے اپنی صورت دکھاؤ رسول

پڑا ہے تباہی مین میرا جہاز
اے یار جلدی لگاؤ رسول

مجھے ہر نفس نفس شیطان سے
بچاؤ بچاؤ بچاؤ رسول

میرے سر مین سودا ہوا آپکا
شراب محبت پلاؤ رسول

نہین لیلیِ عشق سے ہے غرض
مجھے اپنا مجنون بناؤ رسول

۱۲۶

پڑا قید غم مین تمہارا حبیب
چھڑانیکو جلدی سے آؤ رسول

۹

خواجہ ہند الولی عطاے رسول
عرض ہے مجھ غلام کی مقبول

تیری سرکار مین ہون سائل
کچھ تو ملجائی مجھکو ابن رسول

سگ درگاہ ہے یہ راہ نشین
کچھ تو دلوائی کہ ہے مسئول

منظر مرتضیٰ کے نور ہو تم
شانۂ تابدار زلف بتول

مانگتا ہون تمہارے زلف کی بھیک
سر مو بھیک دیجی ابن رسول

دیکھہ روضی کو کہتی ہین یہ ملک
گرد اوس گنبدِ منوّر کے
حافظِ دو جہان کے صدقے سے

ہی یہانکا عجیب عرض و طول
ہی مراقب کوئی کوئی مشغول
کُل مرادین ہون میرے دلکی قبول

۱۲۷

یا الٰہی طفیل خواجہ کے
کر مطالب حبیب کے تو حصول

۱۳

عشقباز و نگار رہنما ہی دل
جلوہ گر دلمین ہی وہ ماہ لقا
عاشقون کا فقط طبیب نہین
اسکا ڈہانا نہین مناسب ہے
نوجوانی مین تیغِ بران ہی
دنمین ہی افتاب شبمین ہی مہ

منظرِ خلق کی ضیا ہی دل
کہئے پھر کس پہ مبتلا ہی دل
بلکہ ہر درد کی دوا ہی دل
ای یہ تو خانۂ خدا ہی دل
وقت پیری کی یک عصا ہے دل
عینِ ظلمات مین ضیا ہے دل

کیا کریں لیکے چتر شاہی کو
ہمکو پارس ہی کیمیا ہے دل

غوطہ زن ہوکے پایا دریا میں
کچھ عجب دُرِّ بیبہا ہے دل

قید سے خلق کے ہے وہ آزاد
دام میں عشق کے پھنسا ہے دل

قول ہے یہ تمام حکما کا
مُلکِ اعضا میں بادشا ہے دل

یاوہ گوئی سے فائدہ کیا ہے
چپ ہو تجھکو کیا ہوا ہے دل

ہے زمین اور فلک نہاں اسمیں
گنج اسرار سے بھرا ہے دل

۱۲۶

ہے مقولہ یہ دلبروں کا حبیب
کوئی لیکر کے پھر دیا ہے دل

۶

ہر چند ہوں ضعیف دلے نوجوان ہے دل
دنیا میں غنچہ سجدہ میں باغ جنان ہے دل

ایدل ہے تجھمیں جلوہ نما سائی کا تماشا
سچ تو بتا تجھے کہ تیرا گھر کہاں ہے دل

حاجت نہیں جو حال میں اپنا بیاں کروں
گنجِ خفی کے گنج کا خود رازداں ہے دل

لاتا ہی کب وہ غیر کو اپنی خیال مین
اپنا وہ آپ دیکھے خوب پاسبان ہی دل

لوح و قلم ہی عرش ہی کرسی ہی تیرے کہین
تجھ مین زمین تیرے مین عیان آسمان ہی دل

۱۲۹

نسبت ہے اسکو قلب حقیقی سے اسلئے
قائم ہی حبیب ایک کی نہان ہی دل

۱۴۰

سب بندون کا تو ہی خدا یا کل الکل منک الکل
ہی ذات تیری بیچون و چرا یا کل الکل منک الکل
تو ہی احمد اور واحد تو ہی صنم ہی اور صمد
کوئی نہین ہی تیرے سوا یا کل الکل منک الکل
جملہ رسل اور جملہ نبی غوث و قطب اور سارے ولی
سب قطرے ہین اور تو دریا یا کل الکل منک الکل
تجھسے حوا تجھسے آدم تجھسے ہر ذرہ ہزار عالم

سبکو کیا تو نے پیدا یا کلّ الکلّ منک الکل

تو پاس میرے ہون گلین بھی کس سے نہان تیری خوشبو

کب بحر سے ہووے قطرہ جدا یا کلّ الکلّ منک الکل

گر شیخ کی تعلیم تجھے اور تو نے بھی کچھ لذت پائی

یہہ شغل ترا اپنا رکھیو سدا یا کلّ الکلّ منک الکل

جلوہ نما ہے تو مجھمین تو مجھمین ہے مین ہون تجھمین

مین تیرا ہون تو ہے میرا یا کلّ الکلّ منک الکل

مین ہون حادث تو ہے قدیم مین ہون عاصی تو ہے رحیم

ذات سے کب ہے صفت جدا یا کلّ الکلّ منک الکل

تھا تو کنز مخفی مین مین علم مین تھا وہان بھی تیرے

مین ہون سایہ تجھ سہ کا یا کلّ الکلّ منک الکل

جو تجھ میں فنا اپنے کو کیا وہ پہنچا اپنے مقصد کو

اپنا عاشق آپ بنا یا کلّ الکلِ منک الکل

جس سمت پہ ڈالی میں نے نظر وحدت ہی تیری ہاں آئی نظر

اُٹھ گیا پردہ کثرت کا یا کلّ الکلِ منک الکل

اپنی صورت پر خلقت جب آپنی کی خود آدم کی

انسان کا ہوا سبکو دہوکا یا کلّ الکل منک الکل

جب کُل میں تجلی کیا ظہور میرے صاحب میر حضور

کسنے بولا قالوا بلیٰ یا کلّ الکل منک الکل

مسکین حبیب کی ہی تجھسے دعا ہر شام و سحر

اب پردہ اُٹھا دے غفلت کا یا کلّ الکل منک الکل

اشارے سب ہیں لکھانیکی قابل

نہیں کوئی انکھیں لکھانیکی قابل

یہہ پردے مین لیلی نی مجنون کو بولا
یہہ صورت ہی تیری دکھانیکی قابل

ملی خاکِ پا یار کی تب مین بولا
یہہ سرمہ ملا ہی لگانیکے قابل

جو مرشد کو دیکھا وہ خوش ہو کر بولا
یہہ صورت ہی دلمین جمانیکی قابل

ہین قدم مبارک محمد نبی کے
فرشتونکی آنکھین بچھانیکی قابل

سمجھ لے کہ ہی علم نقطی کی اندر
یہہ رازِ خفی ہی چھپانیکے قابل

مجھے دیکھ استادِ معنی نی بولا
یہہ لڑکا ہی مکتب مین آنیکی قابل

اسے دیو وصلی جانِ صنم کی
ہی سیرے پڑہانی لکھانی کی قابل

خدا کی عنایت سے ملتی ہی نعمت
یہہ دولت نہین ہی لٹانیکی قابل

حبیب آپ ہی اپنا محبوب تو ہی
یہہ حرفِ دوئی ہی مٹانیکی قابل

یا نبی پھر خدا کیجیے امت پہ کرم
آپکے در بے سوا جائین کہان کہیے ہم

یا نبی آپکا کہلا کے کہان جاے غریب
مجھکو از بس کہ ستاتا ہی زمانیکا الم

تم پہ روشن ہے مرا حال ہین جب عرض
چشم رحمت سے ادھر دیکھیے شاہ امم

یا نبی جلد بچا لیجیے اس کشتی کو
بحر عصیان کے تلاطم سے نہ ڈوبین کہین ہم

۳۲ — ۱۰

کیجیے سرور حبیب دل خستہ کا دل
اندنون آکے گھیرا ہی اوسے حسرت و غم

نہ نام لین کبھی کار کھین نہ کام کلام
جو کام ہی ہمین تجھسے ہی اب خود کام

نہ نام سے ہمین مطلب طلب نہ طلب کی
یہی طلب ہی کہ ہر دم لیا کرین ترا نام

فلک پہ نام جگت سے ہو گیا پنہان
کہ پھر وہ مہر برآمد ہوا ہی بر سر بام

ق

دکھائی لوگ ہمین انگلیون سے مثل ہلال
رہی وہ ماہ کے ہم گھر ہی مین صبح و شام

کرینگی رشک چمن آکے گل گھر شگفتہ گل
زبانی اوس گل رعنا کی لائی لوگ پیام

اگرچہ وعدۂ خوبان نمی سازد
ہو وفا ھی کر دھوکی مین اپنا کام تمام

کوئی چلا نہ کبھی راہ ان حسینون کی
ہر ایک نقش قدم ہی مثال حلقۂ دام

بجاست مشرب ما مشرب دگر دارد
حلال مشرب عشاق مین ہی آب حرام

حرم مین دیر مین ہی جلوہ رخ دکا کل
نہ چھوٹی آپکے کافر نہ صب حسب اسلام

جبیب وقت مصیبت کے نام قطعہ کا
تو پڑھ کی بھیج نبی پر سدا صلواۃ وسلام

۱۰ — ۲۲

دلمین اوسکو جلوہ گر پاتی ہین ہم
شکر خالق کا بجا لاتی ہین ہم

سامنے اوس گل کی جب جاتی ہین ہم
بلبل دل تجھکو بہلاتی ہین ہم

سب مین ہی جلوہ عیان اوس شوخ کا
کونسی شی مین نہین پاتی ہین ہم

یاد صورت مین وہ گل رخسار کے
جانب صحرا نکلجاتی ہین ہم

ہو گئی برباد تب کچھ در ملا
چھوڑ کر کچھ در کہان جاتی ہین ہم

فائدہ اتنا ملا ارشاد سے
مظہرِ گل یار کو پاتے ہیں ہم

دیکھتے ہیں چشمِ باطن سے اگر
آپ میں ظاہر اسے پاتے ہیں ہم

روبرو آتی ہے جب تصویرِ یار
اس دلِ غمگین کو خوش پاتے ہیں ہم

نغمۂ دل سے تجھے ہم نے سنا
ذکر اللہ ہو کا سنواتے ہیں ہم

۱۳۴

توشۂ عقبیٰ سمجھ کر اے حبیب
نام حافظ کا لیے جاتے ہیں ہم

۷

پروانہ نمط شمع پہ دن رات جلے ہم
پروا نکئے جان کی سر تک نہ ٹلے ہم

شمعِ رخِ دلدار پہ دن رات جلے ہم
پروا نہ کیا دینے سے سر کی نہ ٹلے ہم

بو عطر کی پیدا ہو بدن سے تو عجب کیا
خاکِ درِ دلدار ادا اس پہ ملے ہم

کیوں عارضِ گلرنگ کے ذوق کا کھلے گل
دن رات ہیں اوس لعل کے سایہ تلے ہم

ق

مرغانِ چمن خوش ہو بفصلِ گل آئی
پھر بالِ صیاد سے جا باغ کو چلے ہم

دہان تنگ دندان زیر کف پائے صنم ہے
سر تا بقدم آتش حسرت سے جلے ہم

۳۵ — ۶

حافظ ہون دل و دین کے حبیب اپنے نکو
رہتے ہین انہین قدمونکے سایہ تلے ہم

یا زمزم مین ہے تو کبھی مسجد اقصیٰ مین ہم
ساغر و شیشہ مین ہم ہین خم و خمخانہ مین ہم

عکس مین آئینہ مین جوہر مین ہم نامہ(?) مین
رنگ مین بو مین ہوا مین گل و گلزار مین ہم

اصل کو چھوڑ کے ہم آئے ہین آب و گل مین
سر بسر باعث تعمیر ہین بس دار(?) زمین ہم

کبھی وحشی ہین جو صحرا کے عالم سے پرے
ہین کبھی بلبل محبت کسی گلزار مین ہم

رہ [illegible] قلب مین وابستہ ہے جلوہ کسکا
ہین شب و روز اسی بحث مین تکرار مین ہم

۱۳۶ — ۶

حافظ خلق کی رہائی ہے غلامی ہمسے
ای حبیب آئے ہین فیض کے دربار مین ہم

راہ ملتی نہین کوچہ کی جو ملین یار سے ہم
ہر طرف پھرتے ہین ڈھونڈتے ہوئے بیزار ہم

محفل یاں ہمانست بے باکی ست
سر پٹکتے ہین کہکر در و دیوار سے ہم

مے بھی ہے ابر بھی ہے باغ بھی ہے یار نہین
کیون نہ برسائین لہو دیدۂ خونبار سے ہم

کچھہ تو دے یا صدا اے فقیرونکو بھی خیر
ہاتھہ خالی تو نکجا ہین تیرے دربار سے ہم

جب سے ساقی نے دیا جام مے گلگون کا
چشم اغیار مین کھٹکے ہین دلا خار سے ہم

۱۳۶

سایۂ دامن حافظ کی ہوس ہے جو حبیب
دور کے ملتے ہین گلی پیرہن یار سے ہم

۱۰

گاہ صوفی باصفا ہین ہم
کبھی بندہ بتون کے پیشوا ہین ہم

شان جسمین ہے کبریائی کی
آج اوس بت کے مبتلا ہین ہم

مین نہ مانو نگا مین نہ مانونگا
لاکھہ گر بولین بت خدا ہین ہم

رند ہین ہم ازل سے ای زاہد
کون کہتا ہے پارسا ہین ہم

کبھی بیٹھے ہین بنکے مست الست
کہہ فقیرون مین بانوا ہین ہم

چھیڑ تو مت ہمین تو اے زاہد | شاہِ اجمیر کے گدا ہین ہم
گاہ عاشق بنے ہین خود نے | کبھی معشوقِ خوش ادا ہین ہم
حال ہر آن سے ہے نیا اپنا | گہہ فنا ہم ہین گہہ بقا ہین ہم
آپ بیمار ہین اور آپ طبیب | درد کی اپنے خود دوا ہین ہم

۱۳۸

مانگنے سے حبیب عار نکر
بھیک ملجائے بینوا ہین ہم

۱۳

احمدِ مرسل شاہِ امم صلّی اللہ علیہ وسلّم
کیجئے مجھپہ لطف و کرم صلّی اللہ علیہ وسلّم
سرورِ عالم شافع اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم
جسمِ مطہر نورِ مجسّم صلّی اللہ علیہ وسلّم
بول تو اے دل ہر اک دم صلّی اللہ علیہ وسلّم

قالبِ احسان جانِ کرم صلی اللہ علیہ وسلم

عینِ بصر میں ہر پل آؤ خانۂ دیدہ کعبہ بناؤ

منزلِ سینہ کیجے حرم صلی اللہ علیہ وسلم

ہے وہ بشرِ لولاک لما پایہ ہے ادنیٰ جسکا دنے

اِن ھو وحیٌ مع اتم صلی اللہ علیہ وسلم

وصفِ بصر مازاغ بصر شمس ضحیٰ روی انور

لیلۃ الاسرٰی طرۂ خم صلی اللہ علیہ وسلم

زیر و زبر ہو طائرِ جاں تنکا قفس ہو جائے رواں

سر ہو تمھارے زیرِ قدم صلی اللہ علیہ وسلم

ہائے وہ بھنویں محرابِ دعا عین حرم ہے بلکہ دلا

سر ہیں ادو سجا یکسر خم صلی اللہ علیہ وسلم

کوئی نہ تجھسا محرم حق ہی بھید ہی اہلِ حق کا سبق
رحمتِ حق تجھپر دائم صلی اللہ علیہ وسلم

زنگ دوئی کا دل سے مٹے نقشِ تہہ اسمین جمے
ہستی اپنی بھولین ہم صلی اللہ علیہ وسلم

رب مین عرب مین تجھ ہی بھید ہو آیا نعلین سمیت
عرشِ برین پر رکھا ہی قدم صلی اللہ علیہ وسلم

جز لا الہ الا اللہ کبھی نہ نکلا منھ سے لا
آپ سے ہر دم کہتے نعم صلی اللہ علیہ وسلم

سرمہ سا آنکھون مین لگاؤن تیرے حبیب اپنے مین سماؤن
ملجائے جو اونکی خاکِ قدم صلی اللہ علیہ وسلم

۳۶ ۱۱

تیری درکا آسرا خواجہ جلال الدین دم
ہی تجھی صبح و مسا خواجہ جلال الدین دم

میری مولا میرے مرشد میرے قطب میرے پیر
بخشدیں میری خطا خواجہ جلال الدین روم

ازبرائے شمس تبریزی خاکِ بوتراب
چمکے یہ ذرہ ذرا خواجہ جلال الدین روم

بھیک مجھکو خواجگانِ چشت کے دربار سے
کچھ تو ملتی بھلا خواجہ جلال الدین روم

مثنوی کے سب سرار پنہاں ہوں عیاں
کر مدد بہرِ خدا خواجہ جلال الدین روم

حلِ مشکل کیجئے مجھ بے سر و سامان کی
از پئے مشکل کشا خواجہ جلال الدین روم

بن کھلی از بس ہے کھل جائے میرے دل کی کلی
آپ ہیں غنچہ کشا خواجہ جلال الدین روم

سلجھے الجھی زلف ہو اور پیچ و تاب سب
جسکے ہاں ہو عقدہ کشا خواجہ جلال الدین روم

خواب میں تشریف لا بیدار کر خوابیدہ بخت
چہرۂ انور دکھا خواجہ جلال الدین روم

نزع میں اور گور میں اور حشر کے بازار میں
سر پہ ہو سایہ تیرا خواجہ جلال الدین روم

۱۲۰ بندۂ عاجز حبیبِ خستہ تن کے حال پر
کر نظر بہرِ خدا خواجہ جلال الدین روم ۹

عرض کرکے ابو العلا کو ہم — ہان دلا حقِّ دلربا کو ہم

تا برآئے ہمارے دل کی امید — ہے چلے اجمیرِ مدعا کو ہم

تا سفارش کرین وہ خواجہ ہے — ہاتھ باندھے کھڑے دعا کو ہم

زیر دیوار یار رہتے ہین — کیا کرین سایۂ ہما کو ہم

اکبر آباد مین ہین آپہنچے — ہے اگچے دریہ التجا کو ہم

روضۂ پاک کی زیارت کی — پائے یہان نورِ مصطفےٰ کو ہم

خاکِ درگاہِ پاک ہی اکسیر — کیا کرین لیکے کیمیا کو ہم

ق

عرض اتنی کرین وہ خواجہ ہے — پائینگے اپنے مدعا کو ہم

۱۴۱ — ہی کمینہ جو تیری در کا حبیب — لیکے حاضر ہین اِس گدا کو ہم — ۶

وقف ہوئے جو رمزِ فناء الفنا ہے ہم — اور جانے کوئی بھید بقاء البقا ہے ہم

کرتا ہمین ہی یار نظر اسلیے مدام
منھہ ڈھانپ کر کے بیٹھے ہین تیرے شرم و حیا سے ہم

حاصل ہوئین مراد ہماری یک آن مین
مانگے دعا جو ہاتھہ اوٹھا کے خدا سے ہم

اکسیر کی ہے ہمین ملی خاکِ کربلا
کیونکر نہ بیٹھین ہاتھہ اوٹھا کیمیا سے ہم

ہو وقتِ مرگ دولتِ دیدار کیا عجب
رکھتے ہین یہی امید رسول خدا سے ہم

۱۴۳

قدمون تلک چلیت ہین ہمارے ہاتھہ
آنکھون کو اپنے ملتے ہین نقشِ پا سے ہم

۶

یار کے نام پر فدا ہین ہم
طالبِ وصل کب بیا ہین ہم

خود فراموش ہو کے بیٹھے ہین
کیا کہین کس کے آشنا ہین ہم

جسمین پیدا ہے شانِ حضرتِ حق
اوسی دلبر کے آشنا ہین ہم

بخدا آفتابِ وحدت کے
عکس ہین نور ہین ضیا ہین ہم

کھل گیا جب تجددِ امثال
گہے فانی گہے بقا ہین ہم

بادشاہت کی کیا حبیبؔ ہے ہوس
خیر آباد کے گدا ہین ہم

عدم سے آئے ہین ہستی مین پھر بھی جائینگے عدم
ہماری ہستی موہوم ہے عدم کی عدم

خیال آمد و رفت نفس کا رکھہ ہر دم
فنا بقا کی تجلی مین ہے تو ہر اک دم

مدام ہو تو نظر بر قدم اگر ہے عقل
یہہ دائرے سے تو باہر کہین نجائے قدم

قدیم علم مین ہین ظہور مین حادث
ہمارا دیکھو ظہور ہے حدوث بھی ہے قدم

حبیبؔ قطرہ ہے اور ذات تیری بحر عطا
تو اوسکے حال پہ کر اے کریم اپنا کرم

جلوہ نما فقط ہین دیر و حرم مین ہم
گاہی صنم پرست ہین گاہی صنم مین ہم

اپنا نہین ہے حال کبھی ایک حال پر
فرحت مین ہم ہین اور کبھی رنج و غم مین ہم

ہستی کا ہمکو اپنی نہین کچھہ بھی اعتبار
ملک عدم سے آئے چلے پھر عدم مین ہم

دریا مین گاہ دشت مین گاہے کوہسار مین
گھہ بت شکن تھے ہم کبھی بت تراش تھے
ہستی مین نیست رہتے ہین اور نیستی مین ہست

بندے عرب کے ہین کبھی ملک عجم مین ہم
گھہ تھے مین بت پرست مین بیت الصنم مین ہم
گاہے فنا ہین گاہ بقا ایکدم مین ہم

۱۴۴

ملکوت مین جلیس ملایک سے مل گئے
ناسوت سے گذرتے ہی بس یکقدم مین ہم

۱۴۵

مین تو تمھارے درکا گدا ہون یا شیخ عالم اللہ ارحم
اور جان و دل سے تم پہ فدا ہون یا شیخ عالم اللہ ارحم
کب حال میرا تم سے نہان ہی سب دلکا مقصد تم پہ عیان ہی
دیکھو تمھارے در پہ پڑا ہون یا شیخ عالم اللہ ارحم
تم دستگیر درماندگان ہو تم چارہ ساز بیچارگان ہو
کیسی بلا مین مین مبتلا ہون یا شیخ عالم اللہ ارحم

ہوں نام لیوا ہندلوی کا خواجہ سلیمان چشتی ولی کا

ابدر فخر دین کے در پہ پڑا ہوں یا شیخ عالم اللہ ارحم

سنتا نہیں ہے کوئی ہماری ہم پر مدد ہو حافظ تمہاری

کتا تمہارے در کا بنا ہوں یا شیخ عالم اللہ ارحم

عالم تمہارا محو لقا ہے پھر شور مجنون پیدا ہوا ہے

میں دست بستہ یہہ کہہ رہا ہوں یا شیخ عالم اللہ ارحم

دونوں جہاں کے تم ہو وسیلہ اے میرے کعبہ اے میرے قبلہ

میں معصیت میں بس مبتلا ہوں یا شیخ عالم اللہ ارحم

تم ہو دوائے کل درد مندان حاجت روائے کل مستمندان

میں بھی تمہارے در پہ کھڑا ہوں یا شیخ عالم اللہ ارحم

کوئی نہیں ہے دیکھو ہمارا لیکن ہے تیرے در کا سہارا

گرچہ مین محو جرم و خطا ہون یا شیخ عالم للہ ارحم

فرماؤ جلدی منہ سے تم اپنے تا حل مشکل ہووے ہماری

صورت تمہاری مین تک رہا ہون یا شیخ عالم للہ ارحم

مین دیکھ تمکو حیرت زدہ ہون بلکہ سراپا محو لقا ہون

نقش کف پا مین ہو چکا ہون یا شیخ عالم للہ ارحم

حافظ تمہین ہو ناصر تمہین ہو ہادی تمہین ہو حامی تمہین ہو

سب کچھ کیا ہون اور کر رہا ہون یا شیخ عالم للہ ارحم

خالی نجا دین در سے تمہارے گل ہون مطالب حاصل ہمارے

اب نام تیرا مین پڑھ رہا ہون یا شیخ عالم للہ ارحم

ہو تین حبیب خستہ کمینہ کر پار جلدی میرا سفینہ

مین خود سراپا دست دعا ہون یا شیخ عالم للہ ارحم

۱۴۶ ردیف نون ۱۰

دلا تو دل سی مدام ہو جا نبی کی صدقِ علی کی قربان
ہین انس و جن جان و تن سراپا نبی کی صدقِ علی کی قربان

تو کیون ہی گردش مین اتنا گردون سبب جگر کا ہمسی کہدی
تو ہنسکی بولا مین ہو رہا ہون نبی کی صدقِ علی کی قربان

کشش نے آہن بنایا کہ بطنِ مادر مین ہمکو سوجھا
زبانسی اپنے وہان بھی نکلا نبی کی صدقِ علی کی قربان

جو ہوگا محشر کا روز برپا تو ہوگا پرسش کا سب کی موقع
کہونگا حق کی مین روبرو جا نبی کی صدقِ علی کی قربان

امام ضامن کی ہی ضمانت زبان کیتی ہے ہم سلامت
ہو تن بجان و دل سی برپا نبی کی صدقِ علی کی قربان

وہی ہی مقبول کبریا کا وہی تو معشوق ہی خدا کا
کہا ہی ہوکر کے جسنے شیدا نبی کی صدقے علی کی قربان

اگرچہ طالب ہی تو خدا کا طلب ہی مطلوب کی جو پیدا
تو عین مطلب جان بابا نبی کی صدقے علی کی قربان

نہ انس جن جان سی ہیں شیدا نہ حور کی سر میں جی وہی سودا
کہ ایک عالم کو ہمنے دیکھا نبی کی صدقے علی کی قربان

ہر ذرہ ہی زمین کو سودا ستارۂ مہر مہ کا چمکا
فلک پہ ہمنی ملک کو دیکھا نبی کی صدقے علی کی قربان

خود اپنے اسما خدا نے بخشا عزیز کر کے رحیم بولا
حبیب کیونکر نہو سراپا نبی کی صدقے علی کی قربان

دیکھا ہی جبسی دوست عیاں کا وطن		بھولا ہو نہیں ہر ایک طرح صدرکا وطن

مین ہون مریضِ عشق نہ آئے پاس اے مسیح
دار الشفا ہے احمدِ مختار کا وطن

جنت کی آرزو جو کرین کیا غرض ہمین
بس ہے ہمارے واسطے اوس یار کا وطن

رندِ ازل ہین ہم نہین دیر و حرم سے غرض
کعبہ ہے مجکو حافظِ دینِ خدا کا وطن

نکلے سو نہ اور کہین گھر بنائیے
اس شہر ہے قریب ہے سرکار کا وطن

جنت مین دل اوچاٹ ہو گیا کر اسے
یاد آگیا جو نانیہ بھی لدا کا وطن

۱۴۹

مین ہون حبیبِ مجیب یہ محبوب کا کرم
گھر بن گیا ہے میرا میرے یار کا وطن

۱۵۰

یا خدا محمد لقای شیخین
جلد دکھلا دے برائے شیخین

نام ہے جنکا ابابکر و عمر
کون ہے ایسا سوائے شیخین

جیسے اولاد سی ہوتی ہے ولا
تھی محمد کو ولائے شیخین

رای زن ہوتے تھے حضرت اونسے
واہ کیا خوب تھے رائے شیخین

روضہ پاک مین جتے رہتے ہین دو
رشکِ فردوس ہی جاے شیخین

اوس سے راضی ہین شہ لا احصے
جسکو حاصل ہی رضاے شیخین

پیار کرتے ہین محمد اوسکو
جو کہ ہی دل سے فداے شیخین

روز و شب مہر سی شاہ والنجم
دیکھتے بدر لقاے شیخین

مومنو ہی یہی اصلِ ایمان
بخدا عشق و ولاے شیخین

یہہ دعا ہی میری ای بار خدا
کہ رہون محوِ لقاے شیخین

گر ہو عارض سی معارض اختر
مہ ہو انگشت نماے شیخین

میری حاجت ہو روا اے شہِ دین
پے ختنین و براے شیخین

بارہا خسروِ مازاغ بصر
کئے خود آپ ثناے شیخین

بادشاہو ہی حبیبِ خستہ
فخر رکھتے ہین گداے شیخین

۱۴۹ ۷

یہ دلکو راحت ملی ہی جبسے تمھارے درکا گدا ہوا ہون

بشکل ظاہر جدا ہون تمسے بچشم باطن ملا ہوا ہون

پلا دیا ساقی نے مجھکو جرعہ شراب الفت کا اپنے کیسا

سرور باقی ہی اوسکا ابتک کہ مثل ساغر بھرا ہوا ہون

مین ہاتھ پکڑا ہون جسکا ہی شرم اونکی تمھین کو مولا

سنبھال لیجو سنبھال لیجو یہ بوجھ سر پر اوٹھا لیا ہون

ہماری کچھ بھی نتھی حقیقت تمھارے در سی ملی ہی عزت

خراب ہونے نہ دیجو صاحب تمھارے گھر کا بنا ہوا ہون

تمھین کو مذہب تمھین کو ملت تمھین کو ایمان جانتا ہون

مین دیر و کعبہ سے آنکر اب تمھارے در پر کھڑا ہوا ہون

مین اونکی محفل کی شور و گرمی کا یار دم سے بیان کرون کیا

که سر سی پا تک جلا هوا هون جلا هوا هون جلا هوا هون

حبیب عاشق هون ایک در کا قدم نهین لغزشون مین سر کا

جناب حافظ یه جان و دل سی فدا هوا هون فدا هوا هون

۱۵۰

۹

یهه بات اپنی تو سمجهی دانا که یار مجهه مین مین یار مین هون

نهین هے اسمین ذرا بهی دهوکا که یار مجهه مین مین یار مین هون

وهی هی دل مین وهی نظر مین وهی هی حاضر وهی هی غائب

نهین هے کچهه فرق اسمین اصلا که یار مجهه مین مین یار مین هون

کبهی تو روتا هون آه بهر کر کبهی تو هنستا هون کهل کهلا کے

فراق مین بهی وصال کیسا که یار مجهه مین مین یار مین هون

اوسیکا مین هون وهی هی میرا مین اوسکو دیکهون وه مجهکو دیکهی

یه فی الحقیقت هے قول سچا که یار مجهه مین مین یار مین هون

وہ رب کے اول وہ سب سے آخر وہ سب مین ظاہر وہ ہی باطن

عجب طرح کا یہ ہی تماشا کہ یار مجھمین مین یار مین ہون

وہ پاس میرے مین پاس اوسکی وہ دور کب ہی مین دور کب ہون

ہوا ہی اب تو وصال ایسا کہ یار مجھمین مین یار مین ہون

وہی زمین پہ وہی فلک پر وہی ہی ہر چار سمت اے دل

ہی شش جہت مین اوسی کا جلوہ کہ یار مجھمین مین یار مین ہون

لکھا انا یاد دستون کو کہا جو کچھ آپ ہین وہ مین ہون

حبیب جب سے نظر مین آیا کہ یار مجھمین مین یار مین ہون

دیوینگی بھر کر جام سرا حسن حسین

روح رواں دو سبط پیمبر حسن حسین

دریوزہ گر دو در کی ہین غوث و قطب تمام

بعد علی ہین ساقی کوثر حسن حسین

ہان فاطمہ علی کی ہین دلبر حسن حسین

دونو جہان کی ہین سرور حسن حسین

اس منتظر کے خواب میں تشریف لائیے
دکھلائیے وہ روئے منور حسن حسین

طاقت ہے طاق کون کرے اونکی ہمسری
قوت میں اور زور میں بہتر حسن حسین

دفتر میں زائروں کے لکھا جائے میرا نام
دکھلائیں مجھکو گنبد انور حسن حسین

اللہ کے نبی ہمیں ان سب سے دیں نجات
رنج و الم ہے غم ہے جو ہم پر حسن حسین

نانا ہیں آفتاب پدر ماہتاب ہیں
اور دو سپہر ہیں انکے دو اختر حسن حسین

دونو شہید ہوگئے امت کے ہاتھ سے
دوش نبی پہ رہتے تھے اکثر حسن حسین

دنیا کی فکر ہے نہ تو عقبی کا خوف ہے
بیٹھا ہوں جب سے آپکے در پر حسن حسین

قطرے کو دریا ذرے کو کرتے ہیں آفتاب
جسپر کہ مہرباں ہیں ان اکثر حسن حسین

سالک کو راہ عشق کی منزل دکھائیے
اے میرے خضر مرشد رہبر حسن حسین

حق سے گناہگاروں کو خود بخشوائینگے
بخشش کیواسطے ہیں مقرر حسن حسین

جو مانگتا ہوں سنتے ہی دیتے ہیں وہ مجھے
کیا مہرباں ہیں میرے اوپر حسن حسین

بابا فقیر ہیں ہمیں ملی بھیک کچھ
در پہ لگائے ہیں بستر حسن حسین

۱۵۲ — ۵

کیا آفتاب حشر کا ہو خوف اے حبیب
سایہ فگن ہیں جن کے سر پہ ابر حسن حسین

جہاں میں کون ہے جس کا کہ تو حبیب نہیں
ہمارے درد کا تیرے سوا طبیب نہیں

کیوں ہو عشرت و آرام ہم سے کوسوں دور
کہ دلبر اپنے دل زار کے قریب نہیں

گناہگار ہوں میں اور گناہ بخش ہو تم
کرم غریب پہ کیجے تو کچھ عجیب نہیں

پری دوئی ہے یہ دلبر کی خلوت اخلاص
سوا اپنے خود دلی کوئی رقیب نہیں

۱۵۳ — ۱۱

وہ آفتاب کرے جام مے عطا سب کو
ذرا بھی فکر سوئے بندۂ حبیب نہیں

بادشاہ دو سرا حضرت غوث الثقلین
حامی شاہ و گدا حضرت غوث الثقلین

مست و مدہوش بنا حضرت غوث الثقلین
جام الفت کا پلا حضرت غوث الثقلین

ہفت اقلیم کے شاہوں پہ شرف رکھتے ہیں
آپکی درگاہ کا گدا حضرت غوث الثقلین

دربدرہ شاہ شہاں ہیں پھرن مثل بدر
چشت کے در پہ بٹھا حضرت غوث الثقلین

کر سفارش میری اب خواجہ معین الدین سے
رحم کر بہر خدا حضرت غوث الثقلین

پیر و مرشد ہیں میرے آپکی فرزند رشید
کچھ مجھے اور نہیں دلا حضرت غوث الثقلین

آپکی نام مبارک پہ شہنشاہ جہاں
جان و دل سے ہوں فدا حضرت غوث الثقلین

ہاتھ باندھے ہوے در پر تو کھڑا ہو جا خضر
تک ادہر دیکھو ذرا حضرت غوث الثقلین

رحم کر مجھپہ لیے فخر زمان فخر الدین
حال مضطر ہے میرا حضرت غوث الثقلین

آپ محبوب خدا آپ ہو معشوق الٰہ
بحر سے پار آ خدا حضرت غوث الثقلین

ملتجی آپکی دربار میں ہے خستہ حبیب
نظر لطف ہو وا حضرت غوث الثقلین

بادشاہ زمان معین الدین
خواجۂ خوجگان معین الدین

تم نواسے ہو ختمِ مرسل کے
دار بان جسکے جبرئیل امین

اسد اللہ کے آپ ہو پوتے
مصطفےٰ کے ہو آپ جانشین

گنبدِ خواجۂ دو عالم کے
ہوتے صدقے ہین دل سے حورِ عین

جو کہ بیعت یہہ سلسلے مین کیا
دیدیا اوسکو حق نے خلدِ برین

آ کے روضے پہ جو دعا مانگے
سب ملائک بھی کہتے ہین آمین

ہوتے جاتے ہین اس گھر نہین
اہلِ تلوین صاحبِ تمکین

چشمِ الطاف سے ذرا دیکھو
اندنون مین بہت ہون زار و حزین

حالِ دل اپنا کس سے عرض کرین
تم سوائے ہمارا کوئی نہین

ہر جگہہ آپ کی حکومت ہے
آسمانون سے لیکے تا بزمین

۱۵۵

شاہِ ہندوستان مدد کیجے
ہے غلام آپکا حبیبِ کمین

۷

مبدء جود و سخا تمکو کہون یا نہ کہون
منبع فیض و عطا تمکو کہون یا نہ کہون

تم محمد کی نواسی ہو علی کی پوتی
شافع روز جزا تمکو کہون یا نہ کہون

ای میری خواجہ سلیمان کی وزیر اعظم
آصف شہر سبا تمکو کہون یا نہ کہون

عقدے حل شاہ و گدا دونکی کیا کرتی ہو
بحر اسرار خدا تمکو کہون یا نہ کہون

مجھکو ہر رنج و مصیبت سے بچا لیتی ہو
دافع رنج و بلا تمکو کہون یا نہ کہون

تم ہو والا علی نام خدا حافظ دین
مظہر نور خدا تمکو کہون یا نہ کہون

تم ہو محبوب خدا مین ہون جلیب ناچیز
ذرۃ التاج ولا تمکو کہون یا نہ کہون

حال فرقت کا بھلا تمسی کہون یا نہ کہون
سبب رنج و بلا تمسی کہون یا نہ کہون

ہیں جو سالک جو کبھی راہ مین وقفہ ہو جائے
مرشد راہنما تمسی کہون یا نہ کہون

ہاتھ پکڑ لیتی تھین لاج ہی اید ست خدا
حال دل صبح و مسا تمسے کہون یا نہ کہون

میری تقدیر معلق کو بدل سکتے ہو
اپنی قسمت کا لکھا تمسی کہوں یا نکہوں

مجھپہ جو لوگ ستم اور کرم کرتے ہیں
مرشد شاہ و گدا تمسی کہوں یا نکہوں

خیر آباد کا رہتا ہی تصور مجھکو
ای میرے عقدہ کشا تمسی کہوں یا نکہوں

۱۵۷

تنگ کرتا ہی حبیب جگر افگار کو ہجر
ای شہ رضوی سیما تمسے کہوں یا نکہوں

۲۱

ناصر اولیا امام حسین
ابن مشکلکشا امام حسین

جام کوثر کا یا امام حسین
حشر میں ہو عطا امام حسین

رکھیو ہر دم غریب کے اوپر
کرم مرتضیٰ امام حسین

خانۂ دل میں میرے آبیٹھو
از برای خدا امام حسین

کھولدو میرے عقدۂ دل کو
تم ہو عقدہ کشا امام حسین

از برای نبی و شیر خدا
در مقصد ہو وا امام حسین

حشر مین کہکے مین یہ ڈہونڈونگا — ہی کہان بادشا امام حسین

اب تصدق سے شاہِ مرداں کے — بندِ غم سے چھوڑا امام حسین

سامنے آکے از رہِ الطاف — اپنی صورت دکھا امام حسین

بطفیلِ علی امامِ رضا — قیدِ غمسے چھوڑا امام حسین

تیری سرکار مین سایل ہون — کچھہ تو ملجا ہی یا امام حسین

مجھکو اپنا جمال دکھلادے — ہی یہی التجا امام حسین

میرا کوئی نہین ہی کوئی نہین — تیری درگے سوا امام حسین

ناو گرداب مین پڑی ہی میری — پار جلدی لگا امام حسین

مین تمہارا ہون مین تمہارا ہون — گو برا یا بھلا امام حسین

اب تصدق سے بی بی زہرا کے — رحم کر مجھپہ یا امام حسین

عاجزی بیکسی غریبی سے — کیجئے اب رہا امام حسین

چشت کے مرشد و نکا ہو دی کرم
حال پہ میرے یا امام حسین

سکر محمد علی کے صدقے سے
نظرِ لطف یا امام حسین

مجھ سے خستہ غریب پہ ہر دل
ہو نگاہِ عطا امام حسین

دامنِ دل حبیب کا ہو پُر
درِ رحمت سے یا امام حسین

۱۵۸

نہ بھولیو کبھی ہر گز در حسین
زبان پہ میری ہے جاری صدا حسین حسین

میں ہو گیا تپ دوری سے سر بسر مضطر
خدا کیواسطے جہت دکھا حسین حسین

محمدِ عربی بادشاہِ کون و مکان
مدام کرتی تھی تیری ثنا حسین حسین

ہماری ناؤ ہے بحرِ جہان کے طوفان میں
بچا لو جلدی سے بھنور خدا حسین حسین

تو ہی طبیب ہے اور ہے تو ہی حبیبِ خدا
ہو میری درد نہانی کی دوا حسین حسین

کبھی تو خواب میں تشریف لا بندہ کے
جمالِ پاک دکھا جا در آ حسین حسین

محمدِ عربی فاطمہ علی و حسن
ہے پانچوان وہ میرا مقتدا حسین

کبھی مین راہ بھٹکتا ہوا نجاؤنگا
ہے میرا مرشدِ حق رہنما حسین

شکستہ جان ہون مضطر ہون بیسر و پا ہون
کرم کرو بحقِ مجتبیٰ یا حسین حسین

جو پوچھی حشر مین کسکا ہے تو غلام نحیف
کرونگا عرض ہے مولا میرا حسین حسین

بہت ہی لشکرِ درد و الم نے گھیرا ہے
خدا کیواسطی جلدی چھڑا حسین

کسے سنائین ہم احوالِ بیسر و پائی
ہمارا کون ہے تیرے سوا حسین حسین

نکیون ہو خاکِ شفا بخش اُسکے در کی
تمھارا کوچہ ہے دار الشفا حسین

یہی دعا ہے کہ جسدم مین گھر سے نکلون
پکارتا ہوا مولا میرا حسین حسین

۹

حبیبِ مسکین کا وقتِ مشکل مین
نہین ہے کوئی بجز تیرے یا حسین حسین

۱۵۹

تمھارا رنج و الم جسکو یاد آئی حسین
وہ اپنے درد و مصیبت کو بھول جائے حسین

سرور سے کیں دن نالہا ہے واشوقا
جمال الہنا اگر خواب میں دکھائے حسین

جو روز حشر تڑپ کر اوٹھوں گا قبر سیتی
زباں سے میری نکلیگا ہائے ہائے حسین

خوشی میں مرض میں صحت میں درد و غم میں
ہمارا دونو جہاں میں نہیں سوائے حسین

مبارکی ہے زلیخا کو حسن یوسف کی
دل حزیں ہے ہمارا تو مبتلائے حسین

نکیوں ہوں رشک سلاطین ہم زمانہ میں
ازل سے ہم ہیں سگ کوچہ گدائے حسین

دم اخیر ہے سامنا پیمبر کا
ہو روبرو میرے آئینہ لقائے حسین

ہے اوسکی ذات سراپا صفات محبوبی
خدا کو بھا گئی ناز حسن ادائے حسین

طفیل حضرت مولا علی شیر خدا
حبیب خستہ کو بھی یاد کربلائے حسین

ہزار جور و جفا مجھ پہ سال و ماہ کریں
کبھی تو مہر کی خورشید سا نگاہ کریں

زمیں کو چھانیں افلاک پہ نگاہ کریں
وہ مہ سے ملنے کی ہر راہ ہم بھی راہ کریں

جہان ملے تیرا نقشِ قدم جھکین اُسی جا
اوسی مقام کو ہم اپنی سجدہ گاہ کرین

اُنھین کے ہاتھ مین ہے تیرا دفترِ اعمال
اُسے سفید کرین یا کہ وہ سیاہ کرین

قوی امیدِ شفاعت ہے ختمِ مرسل سے
ہزار مرتبہ توبہ کرین گناہ کرین

دیا ہے حافظِ دین کو خدا نے وہ رتبہ
وہ چاہین لطفِ الٰہی گدا کو شاہ کرین

۱۶۱

شفیعِ احمدِ مختار ہین علی مولا
حبیب خوف ہی کیا گرچہ ہم گناہ کرین

۷

ہمارے حال پہ وہ لطف گاہ گاہ کرین
غریب ہم ہین کرم کی کبھی نگاہ کرین

اگر وہ بندہ نوازی سے اپنی آ بیٹھین
مثالِ قبلہ کی اوسجا کو خانقاہ کرین

خدا کریم ہے اے دل امیدِ بخشش ہے
حساب کیا ہے اگر سیکڑون گناہ کرین

ہزار دن فقط ان کی لاکھون شہید ہین ہوجا
وہ عینِ ناز جس سمت کو نگاہ کرین

حقیقتاً دلِ زاہد کا مرتبہ کیا ہے
یہان مین عرشِ معلی کو ہم جو آہ کرین

اگر وہ خانۂ بت مین ہوا آکے خانہ نشین
عجب نہین کہ وہ بتخانہ خانقاہ کرین

۱۶۲

حبیب ہاب و عابد گناہ کرتے ہین
گناہگار ہین ہم کیا عجب گناہ کرین

۱۰

فقط اوس یار کا جلوہ نہین اک ذاتِ انسان مین
اوسیکا نور ہے جن و پری و حور و غلمان مین

حرم کو دیر کو ناحق ہین جاتے شیخ اور زاہد
حقیقت مین اگر دیکھو تو الحق حق ہے انسان مین

ابو اسحاق چشتی کا کہو کس جا نہین جلوہ
عرب مین چشت مین اجمیر مین دہلی مین ہمدان مین

اوسی کے نور سے ادنےٰ و اعلےٰ دونون ہین روشن
اوسیکا نور ذرّے مین ہے اور خرشید تابان مین

ظہور صاحب لولاک ہی کس شان و شوکت سے
مدینے مین نجف مین کربلا مین اور خراسان مین

ملایک بھی ہمیشہ چومتے تھے پاے اقدس کو
نہین معلوم کیا رکھا تھا حق نے ذات انسان مین

عزیز حسن مین حافظ کا ثانی کون ہی کہیے
بخارے مین بلخ مین روم مین ہند و بدخشان مین

نہین ہی کون یہان جام مے وحدت سے متوالا
ہمیشہ شور اک رہتا ہی برپا مغ کی دوکان مین

جسے تو اک نظر دیکھا ہوا وہ والہ و مجنون
نہان اک فتنۂ محشر ہی تیری چشم فتان مین

حبیب ایسا نہ دیکھا ہمنے کوئی عارف کامل

۱۹۳ | ۱۱ | مقام صحو مین اور سکر مین حیرت مین عرفان مین

یهه دو ماهِ شریعت هین محی الدین معین الدین
یهه دو مهرِ طریقت هین محی الدین معین الدین

میری وردِ زبان هی روز و شب یا غوث و یا خواجه
یهه دو نجمِ حقیقت هین محی الدین معین الدین

نهین هرگز سرِ مو فرق سر زد چشت و قادر مین
یهه دو تاجِ ولایت هین محی الدین معین الدین

یهه هی وردِ زبان جن و ملک انسان و حیوان کے
همارے حق مین رحمت هین محی الدین معین الدین

کلام الله نازل هی انهین کے جدِ امجد پر
یهه مطلق هین وه آیت هین محی الدین معین الدین

زمین مین آسمانون مین نهین هی مثل ان دو کا
دُرِ دریاے وحدت هین محیّ الدین معین الدین

تکیون آپسمین پهولین قادری چشتی برنگ گل
بهارِ باغ جنت هین محیّ الدین معین الدین

نبی کے اور وصی کے جلوه گر انمین شمایل هین
یهه صورت هین وه سیرت هین محیّ الدین معین الدین

کیا هند و عرب مین کفر پر اسلام کو غالب
یهه دونون دین کے قوت هین محیّ الدین معین الدین

قیامت تک قیام ان دو طریقون کا نهو کیونکر
یهه دو گنجِ هدایت هین محیّ الدین معین الدین

حبیب اس دو کے هین غوث و قطب ادنےٰ گداؤن سے

۱۶۴ ۹ عجب کانِ سخاوت ہین محی الدین معین الدین

جامِ وحدت جو پیا کرتے ہین
دورِ کثرت سے ابا کرتے ہین

بادِلِ طعنِ زلیخا سے تمام
